اگر آپ گہرائی میں جا کر اندازہ کریں تو آپ دیکھیں گے کہ ان واقعات میں سب سے پہلے دو سال تک اگر target بنایا گیا تو صرف امریکہ' فرانس اور foreigners کو کیا گیا ہے۔ اس کے بعد جب آگے بڑھا ہے تو پھر فوج کو target کیا گیا ہے اور گورنمنٹ کے ان اداروں کو جو امریکہ کے partners کی حیثیت سے اس ملک میں کام کرتے تھے۔ اس دہشت گردی کی ساری ذمہ داری ان لوگوں پر ہے جو اس کے مرتکب ہوئے ہیں اور جو انہوں نے زیادتی کی ہے وہ قطعاً قابل معافی نہیں ہے لیکن سارا بوجھ ان لوگوں پر ڈال دینا اور جو اصل ذمہ دار ہیں یعنی state, state agencies اس کا فوج کا استعمال' اس کی political policy اس کی foreign policy اس خرابی کی ذمہ دار ہے۔

تیسرا نقصان جناب! اس سے یہ ہوا ہے کہ جو ہمارے دوست تھے وہ دشمن ہو گئے۔ یہ علاقہ فاٹا کا ہے جہاں سے قائد اعظم نے برطانوی دور کے اصول اور فوجی presence کو ختم کیا اور اپنی فوجیں واپس لائے۔ اس وقت سے لے کر 2004 تک میرے علم میں کوئی واقعہ نہیں کہ جہاں پاکستان کے خلاف' پاکستانی افواج کے خلاف' ٹھیک ہے یہ سارے معاملات ہوتے رہتے ہیں اور آج بھی وہ یہ کہتے ہیں کہ پاکستان ہمارا ہدف نہیں ہے' پاکستان کے ہم دشمن نہیں لیکن اگر پاکستانی افواج ہمیں ماریں گی تو ہم جواب دیں گے۔ جناب والا! جو ہمارے دوست تھے وہ ہمارے دشمن بن گئے ہیں۔ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے image and vision اور پاکستان کی فوج کے image and vision ان دونوں پر جو اثرات پڑے ہیں وہ تباہ کن ہیں۔ آپ ذرا خیال کیجیے کہ امریکہ کی کل افواج افغانستان میں 17 ہزار ہیں۔ نیٹو کی افواج اب 34 or 33

ہزار کے قریب ہیں لیکن ہم ایک لاکھ بیس ہزار فوجی اپنے لوگوں کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ افغانستان میں جو امریکہ کے فوجی مرے ہیں وہ ہمارے سپاہیوں کی ہلاکت سے کئی گنا کم ہیں۔ تازہ ترین اطلاعات کی روشنی میں یہ کہا جا رہا ہے کہ ایک ہزار دو سو پاکستانی فوجی آفیسرز اور جوان ہلاک ہوئے ہیں اور تین ہزار سے زیادہ عوام' سویلین یا کچھ طالبان مارے گئے ہیں۔ پانچ لاکھ افراد اپنے گھروں سے dislocate ہوئے۔ اس کے علاوہ مالی نقصانات بے حساب ہیں۔

جناب والا! میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ نہ صرف فوج کو یہاں ہم نے اپنے عوام کے خلاف استعمال کیا' یہی کام ہم نے بلوچستان میں بھی کیا ہے لیکن آپ چیئرپرسن مجھے یہ بھی اجازت دیں کہ میں یہ بھی کہوں اور میں اس کا ذاتی گواہ ہوں کہ ہمارے فوجی' جن میں بریگیڈیئر کے rank کے لوگ بھی ہیں' انہوں نے یہ کہا ہے کہ آپ لوگوں کو اندازہ نہیں ہے کہ ہم کس trauma سے گزر رہے ہیں' جب ہم اللہ اکبر کہتے ہیں' وہ اللہ اکبر کہتے ہیں اور ہم ایک دوسرے کو مارتے ہیں' ہم پر کیا گزرتی ہے۔ آپ نے فوج کو pysychologically demoralized کر دیا ہے اور اگر اجازت دی جائے تو میں یہاں تک کہوں کہ فوج نے اس علاقے میں جو بھی ground operation کیا ہے' وہ ناکام رہا ہے۔ تین بڑے بڑے operations ہیں اور تینوں میں کسی میں سو' کسی میں دو سو' ایک میں میرے خیال میں اڑھائی سو فوجیوں کو طالبان نے محصور کر لیا اور ان کو surrender کرنا پڑا۔ یہ ہماری فوجی position ہے' ہم ground war ہار چکے ہیں۔ پھر ہم نے وہ راستہ اختیار کیا جو امریکہ نے کیا کہ ground war کی بجائے آسمان سے helicopter سے حتٰی کہ F-16 سے آپ نے تباہی مچائی۔ جناب والا! اگر آپ گہرائی میں جا کر دیکھیں تو اس سے فوج' فوج کے image فوج کے رول' فوج کے کردار کو بہت بڑا داغ لگا ہے۔ اس کے ساتھ میں یہ بھی کہہ دوں کہ ہماری فوج کی training وہ ایک خاص threat perception ایک خاص enemy identification اور ایک خاص طریقے کی تربیت سے ہوئی ہے۔ گوریلہ وار اور اس قسم کی جو جنگ ہے اس کا اپنا مزاج ہے' اس کے اپنے آداب ہیں' اس کا اپنا طریقہ کار ہے۔ یہ فوج اس کے لیے train نہیں ہوئی ہے۔ ہم نے فوج کو اس آگ میں جھونک دیا جس کی وہ متحمل نہیں تھی۔ یہ جناب والا! اس کا پانچواں نقصان ہوا ہے۔

چھٹا نقصان جو میری نگاہ میں بہت زیادہ ہے وہ یہ ہے کہ عوام کی سوچ، قوم کی سوچ اور حکومت کی پالیسی میں بڑا gap اور فرق ہے۔ میں وقت کی کمی کی بنا پر پیش نہیں کر رہا ہوں لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پوری دنیا کا سروے، پاکستان کا سروے اس بات پر گواہ ہیں، پاکستان میں 73% نے امریکہ کی طرف سے کیے گئے سروے کے مطابق کہا ہے کہ terrorists کے نام پر جو جنگ کی جا رہی ہے یہ غلط ہے، یہ نہیں ہونی چاہیے۔ مشرف کو امریکہ کا ساتھ نہیں دینا چاہیے۔ امریکہ کے مقاصد اور ہیں، ہمارے مقاصد اور ہیں۔یہ پوری دنیا کے مسلمانوں کی feelings ہیں۔ میں آگے بڑھ کر یہ کہتا ہوں کہ 11 major surveys بتا رہے ہیں کہ over 62% تمام سروے وہ امریکہ کی اس جنگ کو غلط سمجھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اصل issue policies ہیں اور اسے بند ہونا چاہیے۔ حتیٰ کہ امریکہ کے بارے میں جو latest survey ہوا ہے اس میں 53% نے بش کی اس پالیسی کو کہا کہ بدلو۔ ذرا آپ تجزیہ کیجیے کہ Presidential candidates اس طرح کی بات کر رہے ہیں۔ جناب! میں بات کہنے میں حق بجانب ہوں کہ اس کے نتیجے کے طور پر عوام کی سوچ، قوم کی سوچ، قوم کے مقاصد، قوم کے اہداف، قوم کی ترجیحات اور حکومت کی ترجیحات میں بڑا تصادم اور فرق ہے۔آخری بات جناب والا! میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک ناقابل فتح جنگ ہے۔ دنیا میں کہیں terrorism کے خلاف جسے terrorism کہا جاتا ہے وہ terrorism جس کی کوئی سیاسی وجوہ ہوں، اس کے اسباب ہوں، اس کو اس طرح ختم نہیں کیا جا سکتا۔ہر جگہ negotiation ہوئی ہے خواہ وہ زمبابوے ہو، خواہ وہ کینیا ہو، خواہ وہ ساؤتھ افریقہ ہو حتیٰ کہ انگلستان میں ایسا ہوا۔ میرے پاس وہ تمام material موجود ہے جس میں ہر شخص یہ بات کہہ رہا ہے کہ یہ ایک unwilling war ہے تو آپ سوچیئے کہ ایک unwilling war سے آپ کیا حاصل کریں گے۔

جناب والا! اس کے بعد مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجیے کہ میں مختصراً یہ آپ کو بتاؤں کہ میری نگاہ میں جہاں یہ غلطیاں ہیں وہاں موجودہ حکومت کی کیا غلطی ہے۔ موجودہ حکومت کی جناب چیئرپرسن پہلی غلطی یہ ہے کہ عوام نے اس معاملے میں اپنی رائے کا اظہار کیا ہے اور 18 فروری کے mandate میں یہ بات شامل تھی کہ امریکہ کے ساتھ تعاون اور foreign policy کا وہ رنگ جسے مشرف نے قائم کیا اور terrorism کے نام پر جو جنگ اس نے اپنی قوم پر مسلط

کی ہے اسے بدلا جائے لیکن انہوں نے اس پالیسی کو جاری رکھا۔ مجھے شبہ ہے اور اس سلسلے میں میرے پاس evidence موجود ہیں کہ یہ تبدیلی بھی ایک deal کے ذریعے ہوئی۔ محترمہ بینظیر بھٹو کی کتاب کے اندر بھی اس کے اشارے موجود ہیں' تفصیلات نہیں ہیں لیکن جو چیزیں پریس میں آئی ہیں اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ اور برطانیہ نے ایک role play کیا ہے' سعودی عرب اور UAE نے ایک role play کیا ہے اور مشرف صاحب اس میں ایک پارٹی تھے' زرداری صاحب اس کے اندر ایک پارٹی تھے اور یہ سارے کے سارے معاملات اب ان کے اندر understanding کیا ہے اور کیا موجودہ حکومت جو کام مشرف سے امریکہ لے رہا تھا اسی کام کو سرانجام دینے کے لیے وہ لائی گئی ہے' یہ آپ کو کتنا suit کرتا ہے' یہ تمام باتیں سیاسی بحث اور مطالعے اور تجزیے کے لیے ضروری ہیں۔ ان کو under the carpet نہیں ڈالا جا سکتا۔ اس بارے میں ہم نے پہلے بھی بات کی ہے کہ اس پالیسی کا جاری رہنا Himalyan blunder ہے اور ان شبہات کو جنم دے رہا ہے کہ وہ جمہوری ڈرامہ ہے اور یہ کسی deal کا مظہر ہے۔ جناب والا! میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ مشاورت کے ذریعے سے' پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے کر' تمام political parties اور stakeholders کو اعتماد میں لے کربلکہ میں تو یہ بات بھی کہتا ہوں کہ جو لوگ تشدد کر رہے ہیں ان کو بھی اعتماد میں لے کر' میں جناب چیئرپرسن! آپ کی اجازت سے یہ بات صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جو ہمارے وزیر اعظم صاحب اور دوسروں نے کہا کہ ہم بات نہیں کریں گے جب تک کہ ہتھیار پھینک نہ دیے جائیں' اس سے بڑا سیاسی blunder کوئی اور نہیں ہوسکتا۔ دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ جب دو فوجوں کے درمیان' دو ملکوں کے درمیان جنگ ہورہی ہو' اس وقت بھی ceasefire سے پہلے surrender نہیں ہوتا۔ IRA کے معاملے کو آپ دیکھ لیجیے' Good Friday Agreement ہوا ہے' آج اس کو 16 سال ہوگئے ہیں' decommissioning آج تک مکمل نہیں ہوئی ہے لیکن نیا process آگیا ہے۔ بلاشبہ ہتھیار کا پھینکنا ایک حصہ ہوتا ہے لیکن اس کا ایک وقت ہوتا ہے اور یہ کہنا کہ پہلے سے ہتھیار پھینک دو' اس کے بغیر ہم بات نہیں کریں گے' میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک سیاسی blunder ہے۔

یہاں مجھے اجازت دیں کہ میں یہ بات بھی ذرا کہہ دوں کہ جو زبان ہمارے موجودہ حکمران

استعمال کر رہے ہیں------

Madam Presiding Officer: Please try to wind up please. I don't want to intervene you. Thank you.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جی میں کوشش کر رہا ہوں۔ جناب چیئرپرسن! میں بتانا چاہتا ہوں کہ جو زبان ہم استعمال کر رہے ہیں، وہ اصلاح کی نہیں ہے، وہ انتقام کی ہے، وہ جنگ کو فروغ دینے کی ہے اور وہ زبان ہے جو بش نے استعمال کی ہے۔ رحمٰن ملک صاحب فرماتے ہیں "But that does not mean that if somebody fires from that side, we will not react." اتنی بات صحیح ہے لیکن سنیں آگے کیا فرماتے ہیں "If there is one fire, we will fire back nine times and we will make sure that that continues." جناب چیئرپرسن! یہ جو ذہن ہے، یہ سیاسی ذہن نہیں، یہ مصالحت کا ذہن نہیں، یہ معاملات کو حل کرنے والا ذہن نہیں ہے۔ یہ آگ پر تیل ڈالنے والا ذہن ہے اور یہ چیز حکومت کر رہی ہے۔

جناب والا! تیسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ three pronged policy کی باتیں کی گئیں، وزیر اعظم صاحب نے بھی، دو بار Foreign Minister نے اس طرف اشارہ کیا ہے لیکن عملاً صرف one dimensional war ہے اور وہ ہے اسلحہ کی، وہ ہے قوت کی جنگ۔ اگر آپ قوت کی جنگ لڑیں گے تو قوت اس کا مقابلہ کرے گی لیکن اگر negotiations کا دروازہ کھولیں گے، افہام وتفہیم کا دروازہ کھولیں گے تو پھر قوت کے استعمال کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ Three pronged آپ نے کہا ہے، militancy کا مقابلہ قوت سے۔ وہاں کے معاشی، تعلیمی، سماجی، سیاسی مسائل حل کرکے اور جو issues involve ہوئے ہیں، ان کو address کرکے وہاں ہم جنگ بند کریں۔ یہ تینوں جب تک اختیار نہیں کریں گے، راستہ نہیں نکلے گا۔

Madam Presiding Officer: Please try to wind up, Professor sahib.

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: جی میں کرنے لگا ہوں۔ جناب والا! اگلا نکتہ جو میں کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ امریکہ سے تعلق اور خارجہ پالیسی کے رخ پر انحصار کرنے سے گریز کیا جائے۔ جب تک آپ یہ نہیں کرتے اور مجھے خوشی ہے کہ کل سینیٹ نے ایک بڑا اہم کام کیا ہے جس کا پریس نے نوٹس نہیں لیا اور وہ یہ ہے کہ National Assembly کی قرارداد کے مقابلے میں سینیٹ کی قرارداد میں دونوں باتیں بہت اچھے انداز میں بیان کی گئی ہیں کہ جو حالات ہیں، یہ ہمیں مجبور کر رہے ہیں کہ policy review ہو۔ یہی وقت کی ضرورت ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہم دوسروں کی terrorism پر نہ جائیں بلکہ وہ terrorism جو ہمارے civilians ہمارے national interest پر اثر انداز ہوتا ہے، وہ ہمارا مسئلہ ہے۔ باقی مسئلہ امریکہ کا ہے، وہ بھگتے۔ وہ بھگت رہا ہے اور بھگتے گا۔ آپ دیکھیے کہ بش تاریخ میں ناکام ترین صدر کے طور پر جارہا ہے۔

جناب چیئرپرسن! آخر میں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میں نے واقعات پر توجہ مرکوز کرنے کی بجائے جو آپ سب کے سامنے ہیں، اسباب، بین الاقوامی پس منظر، مشرف کے دور کی غلطیوں اور اس دور کی غلطیوں کے اوپر توجہ مرکوز کی ہے۔ اس کا حل ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ جس طرح Leader of the House نے کھلے دل کے ساتھ اس موضوع پر بحث کا دروازہ کھولا ہے، اسے آگے بڑھائیں۔ مذاکرات، مشاورت سب ملک کر کریں، ہوسکتا ہے کہ ہمارے، ان کے point of view میں فرق بھی ہو، یہ بھی ممکن ہے کہ خود A.P.D.M. کی پارٹیوں کے درمیان بھی فرق ہو، ہمیں اس سے متوحش نہیں ہونا چاہیے۔ سیاست میں فرق ہوتا ہے، اختلاف ہوتا ہے لیکن آئیے بیٹھ کر افہام و تفہیم کے ذریعے راستہ نکالیں۔ میں آخری طور پر صاف کہنا چاہتا ہوں کہ militancy کا مقابلہ اگر military power اور terrorism کا مقابلہ state terrorism سے آپ نے کیا تو یہ terrorism کو فروغ دینے کی recipe ہے، اس سے terrorism کبھی ختم نہیں ہوسکتا۔ ہوش کے ناخن لیجیے، rethink کیجیے پوری بات کو، policy کو review کیجیے، اسباب میں جائیے، جو وجوہ ہیں ان کو ٹھیک کیجیے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم دوبارہ امن، آشتی، سلامتی، ایک دوسرے کے ساتھ co-existence کا راستہ اختیار کرسکتے ہیں۔ وآخر دعوانا

ان الحمد للہ رب العالمین۔

Madam Presiding Officer: Senate Secretariat has collected the two articles, mentioned by Prof. Khurshid sahib, for the benefit of the House. I now invite Mr. Muhammad Azam Khan Swati to take the floor.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میڈم چیئرپرسن، جناب پروفیسر خورشید صاحب کی سیر حاصل تقریر کے بعد، میں نہیں سمجھتا کہ substance کے لحاظ سے، حقائق کے لحاظ سے یا دلائل کے لحاظ سے کوئی چیز مزید بچ جاتی ہے کہ ہم باجوڑ کے سنگین مسئلے کو اس ایوان میں زیر بحث لائیں لیکن پھر بھی اپنی جماعت کی ترجمانی کرتے ہوئے، اس پارلیمان میں اپنے صوبے کی ترجمانی کرتے ہوئے، میں انتہائی اختصار کے ساتھ تاکہ دوسرے مقررین کو بھی موقع مل سکے، اپنی تقریر کا آغاز کرتا ہوں۔

میڈم چیئرپرسن! اگر پارلیمان ایک آزاد اور خود مختار حکومت کی نشاندہی کرتا ہے اور اس کا وہ آئینہ دار ہوتا ہے تو پھر میں وثوق سے کہوں گا کہ بدقسمتی سے ہماری 61 سالہ تاریخ کے اندر پارلیمان نے وہ کردار ادا نہیں کیا، وہ آزادی، خود مختاری اور مقتدر ادارے کی حیثیت سے، اپنا وہ role ادا نہیں کرسکا کہ وہ ایک national power کی حیثیت سے، اپنے اس ملک کے آئینہ دار کی حیثیت سے، ایک national security policy بنا کر اپنی اندرونی، بیرونی، معاشی، سیاسی، سماجی پالیسیوں کو اس طرح مربوط کرسکے کہ وہ ایک cohesion کا آئینہ دار ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے ملک کے عوام کی ترجمانی اور ان کے احساس کو اجاگر کرسکے۔

بدقسمتی سے ہم 61 سالوں کے اندر اپنی national security policy کی سمت کا تعین نہیں کرسکے کہ جہاں عوام کی خواہشات کی ترجمانی ہو، عوام کے احساسات کی ترجمانی ہو۔ آج میں divide کے ان دونوں حصوں سے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ہماری یہ حکومت اگر مشرف کی باقیات کی حیثیت سے انہی پالیسیوں پر گامزن رہی تو وہ نہ صرف ملکی اور قومی سلامتی کے لیے انتہائی خطرہ ہوگی بلکہ province کے درمیان جو harmony ہوتی ہے، اس کے لیے بھی بہت بڑے خطرے کی نوید ہوگی۔ آج جو national security policy جو ملک کی

بنیاد ہوا کرتی ہے نہ ہونے کی وجہ سے آج ہم adhocism پر چل رہے ہیں، جب بھی کوئی مسئلہ ہمارے سامنے پیدا ہوتا ہے تو اس کو اسی تناظر کے اندر ہم حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں جس کی وجہ سے ملک ترقی کرنے کی بجائے، ملک کے اندر آزادی اور توازن پیدا ہونے کی بجائے اس کے اندر بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ آج اگر ہم باجوڑ کے اس مسئلے کو موجودہ عوامی، ملکی اور عالمی تناظر کے اندر دیکھتے ہیں تو یہ سب پر عیاں ہے کہ نیٹو کے ہماری سرحدوں کے پار برابر حملوں کی اطلاع اور ہماری سالمیت پر حملوں کے پس منظر میں ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ اس سے عالمی اتحاد کو، عالمی امن کو اور خود ہماری سالمیت کو کیا خطرات لاحق ہیں۔

میڈم چیئرپرسن! اگر ان نیٹو کے حملوں کو ہم دیکھیں کہ ان سے اندرونی یا بیرونی کیا فائدے ہمیں ملے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ صرف ہم نے اپنی مغربی سرحدوں کو جن خطرات سے لاحق کر دیا ہے، ہم نے اپنے قبائل کو جو پاکستان کے زریں، اعلیٰ محافظ تھے ان کو جس المیے سے دوچار کر دیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ بڑی سے بڑی ڈالر کی مقدار، بڑے سے بڑا compelling interest اس پر حاوی نہیں آ سکتا۔ ان کے درمیان وہ برابری کی سطح پیدا نہیں ہوسکتی۔ اس آزادی، اس امن، اپنی پوری مغربی سرحدوں کو جن خطرات سے ہم نے دوچار کر دیا ہے، ہم نے اپنی افواج کو جن خطرات میں مبتلا کر دیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ڈالر کی کوئی بھی مقدار، کسی طرح سے بھی، حق کے ساتھ اس توازن کو برقرار نہیں رکھ سکتی۔ آج انصاف کے حصول کے لیے ہمارے پختونخواہ صوبے کے اندر ہمارے عوام جس مصیبت میں مبتلا ہیں اور میں نے کئی مرتبہ یہ کہا ہے کہ وہ منگل باغ کی طرف اس لیے دیکھ رہے ہیں کہ ایک بڑا cruel and unusual justice ہونے کے باوجود وہ اس طرف دیکھتے ہیں کہ انصاف کا حصول مفقود ہو کر رہ چکا ہے۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ان تمام اندرونی اور بیرونی عوامل کا تجزیہ کیا جائے۔ اس پارلیمان کی آواز کو ملک کی پالیسیوں کے اندر شامل کیا جائے۔ عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے ہم اس پارلیمان کے اندر جو باتیں کر رہے ہیں اسے صرف ایک debate اور مباحثہ تک ہی محدود نہ رکھا جائے تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ ہم اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کر سکیں گے۔

جناب والا! جس طرح میں نے اختصار کے ساتھ کہا کہ نیٹو کی جو موجودہ صورت حال ہے کہ آزاد اور خودمختار ملک افغانستان کے اوپر وہ قابض ہیں، ایک occupier کی حیثیت سے وہ

ہماری سرحدوں کے اندر برابر حملے کر رہے ہیں لیکن ہم صرف زبانی اعتراض کرنے کے علاوہ، صرف زبانی اس کی مذمت کرنے کے علاوہ کچھ بھی نہیں کر رہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہمیں آزادی یقینی بنانی ہے تو پھر افغانستان کی آزادی اور خودمختاری کو یقینی بنانا ہوگا۔ ہم نے اس ملک کی آزادی و مختاری و امن کی ضمانت دینی ہوگی تب ہی ہمارے ملک کے اندر یہ ضمانت حاصل ہوگی۔ یہ وہ عوامل ہیں جن کا تجزیہ آپ اور مجھ پر بنیادی فرض کی حیثیت سے عائد ہے کہ ایک آزاد اور خود مختار ملک کی سالمیت کے اندر ہم اپنی دراندازی چھوڑ دیں، اگر اس پالیسی کو اپنی سرحدوں تک محدود کر دیں اور آنے والے خطرات سے کچھ سبق حاصل کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس موجودہ عالمی بحران کا، regional بحران کا، پاکستان کے اس بڑے بحران کا حل نکل سکتا ہے۔

میڈم چیئرپرسن! ریاست کا وجود اس کے شہریوں کو امن اور پراپرٹی کی ضمانت دیتا ہے۔ آج نہ امن ہے، نہ کسی کی پراپرٹی کی کوئی ضمانت دی جا رہی ہے جس کی وجہ سے باجوڑ کے، سوات کے چار سے چھ لاکھ افراد اپنے گھروں کو چھوڑ کر بچوں سمیت در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے تمام عوامل کو بروئے کار لاتے ہوئے کام کریں، اس پارلیمنٹ میں ایسی شخصیات ہیں، ہمارے پاس ایسے سیاسی قائدین ہیں کہ ہم اس ملک اور اس خطے کے اندر امن پیدا کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ جس طرح اس سے پہلے جو حکومت تھی اس نے بش کی پالیسیوں کو اپنی سالمیت اور خودمختاری کے لیے ضروری سمجھا، آج ہمیں ان پالیسیوں سے اپنے آپ کو دور رکھنا ہے۔

میڈم چیئرپرسن!

Report of 9/11 was a very powerful document and that reveals that in 9/11 no Pakistani was involved and that dozen of Pakistanis were killed in twin towers and their names have been en ground zero.

اب اگر 9/11 میں کوئی بھی پاکستانی ملوث نہیں تو ہمیں بش کی ان پالیسیوں کو اب خیرباد کہنا چاہیے اور ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ بش کی پالیسیوں کے نتیجے میں خود امریکہ میں رہنے والے اس کے عوام اس سے تنگ ہیں جس طرح بش کی پالیسیوں سے اس ملک کے رہنے والے لوگ

تنگ تھے۔ آج ہم نے دیکھا کہ لندن اور برسلز کے اندر جو اتنے بڑے بڑے جلوس نکلے وہ مسلمانوں نے نہیں بلکہ دنیا میں امن چاہنے والوں نے نکالے اور اس war on terror کی پالیسی جس کے تحت دوسرے ممالک میں جا کر ان کی آزادی و خود مختاری کو سلب کر کے ان پر قبضہ کیا گیا' اس کے خلاف انہوں نے جلوس نکالے۔ آج جو بات آپ کے سامنے میڈم چیئرپرسن! ہم کر رہے ہیں یہ تاریخ کا ایک حصہ ہوگی۔ ہمارے آنے والی نسلیں اس تاریخ کو کھول کر پڑھیں گی کہ ہم نے کیا کہا تھا۔ میں بااعتماد طور پر' بڑی responsibility سے یہ کہتا ہوں کہ بش اور جناب مشرف صاحب کی پالیسیاں اس ریجن کے اندر ہمارے جغرافیائی حالات کو تبدیل کرنے کے لیے بنی ہوئی ہیں۔ جب تک ہماری جغرافیائی حیثیت کو تبدیل نہیں کیا جاتا بش کے مقاصد پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتے ۔ جب تک ہماری آبادی کو تقسیم نہیں کیا جاتا' جب تک ہمیں اندرونی طور پر destabilize نہیں کیا جاتا بش کی پالیسی نامکمل رہتی ہے اس وقت تک بش کے اہداف اس region کے معدنی اور مالی وسائل پر قبضہ کرنے کی صورت میں وہ حاصل نہیں ہو سکتے۔ ہماری صوبائی جماعت نے پانچ دن پہلے پشاور میں ایک All Parties Conference کا انعقاد کیا تھا جس میں جناب مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے واضح طور پر یہ کہا تھا کہ اگر ہم نے اپنے ملک کو بچانا ہے' اپنی جغرافیائی حیثیت کو بچانا ہے' باجوڑ' سوات اور فاٹا کے تمام پاکستانی اور مسلمان بھائیوں پر جو مظالم ہو رہے ہیں اگر ان کو بچانا ہے' ہم نے بیرونی ملک کی بھی پالیسی کا آلہ کار نہیں بننا تو ہمیں regional سطح پر ایک کانفرنس کا انعقاد کرنا ہوگا۔ ہمیں اس میں انڈیا کو بٹھانا ہوگا' چین کو بھی بٹھانا ہوگا' افغانستان کو بھی بٹھانا ہوگا' ایران کو بھی بٹھانا ہو گا' ہمارے اکابرین خود بھی اس کا حصہ ہوں گے اور پھر اپنی صحیح حیثیت اور اپنے مستقبل کا تعین کرنا ہو گا کہ ہم کس طرف جا رہے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس پورے region میں بسنے والے stakeholders کے نزدیک امن پیدا کرنا ان کا اولین مقصد ہے تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ اندرونی طور پر ان تمام stakeholders کو بھی بٹھانا ہوگا تو تب ہی امن کا حصول ہو سکتا ہے اور اگر ہم نے بش پالیسیوں کے طور پر' اس کے آلہ کار کے طور پر کام کرنا ہے تو پھر ظاہر ہے جو پالیسی ہم آج اختیار کیے ہوئے ہیں' یہ حالات اسی کا نتیجہ ہیں' یہ اس کی support کی' اسی پالیسی کی

support کے طور پر ہم اپنی عوام کو جس ظلم کا نشانہ بنائے ہوئے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمیں دوری اختیار کرنی پڑے گی۔ کیونکہ وقت کی کمی ہے اس لیے میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ ہمیں war footing پر اپنے اندرونی مسائل کو حل کرنا ہوگا اور اگر اس میں ہم fail ہوگئے، ناکام ہوگئے تو پھر ملک کی سالمیت، اس کی آزادی اور اس کا امن، جو ریاست کا اولین فرض ہوتا ہے اس ہدف کو حاصل کرنے میں ہم ناکام ہوجائیں گے۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ جناب۔ جی مندوخیل صاحب۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! with due respect عرض ہے کہ time کو regulate کریں۔ یہ جو آج Question Hour suspend کیا گیا تھا وہ اس لیے کہ آج جو تحریک التوا ہے اس پر بحث ہو اور اس میں ہم لوگ حصہ لیں۔ آپ اس کو with due respect regulate کریں ورنہ ہم پھر آپ سے وقت مانگیں گے اور اس کو extend کریں گے۔ یہ ایسے ہی نہیں ختم ہوجائے گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں، we have two hours for the debate and major portion گزر گیا ہے، so I think we should go to the Leader of the House, what do you say? What was agreed? Five minutes or what.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, the point being made is well taken.

آپ اگر مہربانی کرکے اسے regulate کر لیں between five to seven minutes speakers کو دیں تاکہ تمام ہاؤس بول سکے۔ یہاں پر پارلیمانی لیڈران بھی ہیں انہوں نے بھی بات کرنی ہے۔ میں ویسے یہ بھی assure کر دوں کہ اگر آج ختم نہیں ہوئی تو we can take it on to Monday. Monday کو ہاؤس ہو گا۔

Madam Presiding Officer: I now invite Prof. Muhammed Ibrahim Khan to take the floor please.

سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ: یہ بات ٹھیک نہیں ہے کہ ہم leaders کی بات سنیں اور ہم یہاں سامعین کی طرح بیٹھے رہیں۔ اگر کسی لیڈر کو دس یا پانچ دیتے ہیں تو دوسرے ساتھیوں کو دو دو، تین تین منٹ دیں۔ ورنہ یہ احتجاجی طور پر سارے لوگ باہر چلے جائیں گے۔ پھر آپ اور لیڈران مل کر چلا لینا یہ سینیٹ۔ یہ کوئی بات نہیں ہے۔ ہر شخص کا اپنا ذہن ہے۔ ہم نے ان لیڈران کو بنایا ہے، لیڈران نے ہم کو نہیں بنایا۔ لیڈران نے ہمیں سینیٹر نہیں بنایا، ہم نے ان کو لیڈر بنایا۔ اس سے پہلے کہ یہ بات احتجاج میں تبدیل ہو جائے اس کا آپ نوٹس لیں۔

Madam Presiding Officer: Thank you.

(مداخلت)

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: شکریہ میڈم چیئر پرسن۔ میڈم floor مجھے دیا گیا ہے لہذا مجھے بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ایک طریقہ کار ہوتا ہے جس سے ہاؤس چلتا ہے۔ ابھی Adjournment Motion پر بحث ہو رہی ہے اور میں نے floor پروفیسر ابراہیم صاحب کو floor دے دیا ہے۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: شکریہ میڈم۔ میڈم میں کوشش کروں گا کہ کم وقت میں بات مکمل کروں لیکن مسئلہ ایسا پیچیدہ ہے اور میری گزارش ہوگی کہ پانچ منٹ تک restrict نہ کیا جائے۔ مسئلہ بہت ہی پیچیدہ ہے۔ میڈم چیئر پرسن کل ہم نے ایک قرارداد پاس کی وہ بھی اس علاقے سے متعلق ہی تھی اور بڑا سنگین واقعہ ہوا ہے لیکن اس وقعہ پر ہمارے محترم وزیر دفاع نے جو بیان دیا ہے جو کل کے اخبار "نوائے وقت" میں چھپا ہے، اس کا تھوڑا سا حصہ میں آپ کی اجازت سے پڑھ کر سناتا ہوں۔انھوں نے کہا ہے کہ

"اتحادی افواج نے جنوبی وزیرستان میں کارروائی کسی وجہ سے ہی کی ہوگی۔ وزیر دفاع۔"

"وفاقی وزیر دفاع چوہدری احمد مختار نے کہا ہے کہ اتحادی افواج نے جنوبی وزیرستان میں تازہ

کارروائی کسی وجہ سے ہی کی ہوگی جبکہ گورنر سرحد اویس احمد غنی نے اس کارروائی کو پاکستان کی خودمختاری پر براہ راست حملہ قرار دیتے ہوئے مسلح افواج سے بھرپور جواب دینے کی اپیل کی ہے۔ Voice of America کے مطابق وزیر دفاع احمد مختار نے صحافیوں سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں اتحادی افواج کے طیاروں نے صبح ساڑھے چار بجے جنوبی وزیرستان میں تین گھروں پر حملہ کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر یہ کارروائی International Security Force (ISAF) نے کی ہے تو اس کی کوئی نہ کوئی وجہ تو ہوگی۔ ان کے بقول بلاوجہ تو کوئی اتنی دور سے آ کر shelling نہیں کرتا۔

میڈم چیئر پرسن! میری درخواست ہوگی قائد ایوان سے کہ اپنے وزراء کو ذرا بات کرنے کا سلیقہ سکھائیں۔ یہ طریقہ نہیں ہے، ہم مذمت کرتے ہیں اس واقعے کی اور وزیر دفاع اس کا دفاع کر رہے ہیں۔ یہ انتہائی قابل مذمت رویہ ہے اس کو درست کرنے کی کوشش کی جائے۔ میڈم چیئرپرسن! ہم افغانستان سے ہرگز لاتعلق نہیں رہ سکتے اور پورا ایشیاء' شاعر مشرق نے کہا تھا افغانستان اور ایشیاء کے بارے میں'

(فارسی)

ترجمہ: کہ ایشیاء پانی اور مٹی کا ایک پیکر ہے اور افغان ملت اس کے اندر دل کی حیثیت رکھتا ہے اور افغان ملت کے اندر اگر فساد ہو تو پورے ایشیاء میں فساد ہوگا اور اگر وہاں پر کشاد اور امن و اطمینان ہو تو پورے ایشیاء میں امن و اطمینان ہو گا۔

اس وقت افغانستان کی جو صورتحال ہے وہ ہمارے اوپر اثرانداز ہو رہی ہے اور اس کی وجہ سے ہم گوناں گوں مشکلات کا شکار ہو رہے ہیں۔ میڈم چیئرپرسن محترم وزیراعظم نے یہاں پر تقریر کرتے ہوئے ایک دو باتیں ارشاد فرمائیں جو اسی علاقے سے منعلق ہیں اور انہوں نے ہمیں جنرل کیانی صاحب کو موصول ہونے والا ایک SMS message پڑھ کر سنایا کہ جس میں کچھ لوگوں نے یہ لکھا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کے بارے میں وہ بتاتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں کہ میرا سینہ داغدار ہے اور پاکستانی فوج کے بارے میں جو الفاظ انہوں نے کہے میں انہیں درست تسلیم کرتا ہوں کہ ایسی ہی صورتحال ہے لیکن میڈم چیئرمین! کیا یہ بات قابل غور نہیں کہ پاکستانی فوج کے بارے میں قبائلی عوام کے اندر یہ نفرت کیوں

پیدا ہوئی اور کیا اس نفرت کو روکا نہیں جا سکتا۔

جناب چیئر مین! یہاں پر محترم مندوخیل صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا میں ان کا احترام کرتا ہوں اور میں اس بات کا بھی احترام کرتا ہوں کہ ان کو اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہے اور قبائل کے بارے میں جو انہوں نے کہا میں اس کو بھی تسلیم کرتا ہوں کہ یہ بات ان کی بالکل درست ہے کہ قبائل کے اندر کچھ عرب، چیچن اور ازبک موجود ہیں لیکن ان کی یہ بات مجھے تسلیم نہیں ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے قبضہ کر لیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ قبائل کی توہین کر رہے ہیں۔ قبائل کی سرزمین پر کوئی بھی قبضہ نہیں کرسکتا وہ قبائل کے مہمان ہیں اور مجھے مندوخیل صاحب کی بات سے اتفاق ہے کہ ان کو اس بات کی اجازت نہیں ہونی چاہیے کہ وہ ہماری سرزمین کو کسی اور کے خلاف استعمال کریں۔ اس سارے معاملے کو درست کرنے کے لیے حکومت پاکستان نے اور جنرل پرویز مشرف نے جو پالیسی اختیار کی اور پاک فوج کو وہاں پر بھیج دیا اور حقیقت میں قبائل کے ساتھ جو سوشل کنٹریکٹ تھا، جنرل پرویز مشرف نے اس کنٹریکٹ کو توڑ ڈالا۔ جناب چیئر پرسن! قائد اعظم محمد علی جناح نے جو اعلان کیا تھا، 17 April 1948 کو گورنمنٹ ہاؤس پشاور میں قبائلی عمائدین سے ان کا خطاب تھا اس میں انہوں نے اس بات کا اعلان کیا تھا کہ وزیرستان میں گیارہ بارہ سال سے انگریز نے جو آپریشن شروع کر رکھا ہے اس کو روکا جا رہا ہے اور پاک فوج کو وہاں سے نکالا جا رہا ہے۔ جنرل پرویز مشرف نے اس سوشل کنٹریکٹ کو توڑتے ہوئے وہاں پر فوج کو داخل کیا اور قبائل کو فوج کے ذریعے کنٹرول کرنے کی کوشش کی جانے لگی جو انتہائی خطرناک عمل ثابت ہوا۔

جناب چیئر پرسن! محترم وزیراعظم جب امریکہ تشریف لے جا رہے تھے تو اس سے پہلے حکومت میں شامل ان کی اتحادی جماعتوں کے سربراہان کا اجلاس طلب کیا گیا اور اس اجلاس یہ فیصلہ ہوا۔ یہ جناب چیئر پرسن! اس دن کا اخبار ہے،

Leaders of the ruling coalition in their meeting here on Wednesday resolved to pursue dialogue rather than military operation in the militancy hit FATA. Saying force would be used only as the last resort

اور اس میں یہ بھی کہا گیا کہ

it was also agreed in principle that in order to mobilize public support for greater national consensus on Pakistan battle against extremism and militancy , parliament will discuss the formation of national policy to address this issue

Madam Presiding Officer: Please try to wind up.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: لیکن جناب چیئرپرسن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے رحمٰن ملک صاحب نے جو بیان دیا ہے اور رحمٰن ملک صاحب جو اس کی وجہ یا جواز پیش کر رہے ہیں یہ ان کا کہنا کہ

Pakistan security forces missed a chance to catch Al-Qaida's second in command Aiman Alzawahiri. Rehman Malik said, Zawahiri and Al-Qaida leader Usama Bin Ladin have been in hiding since 11th Septemeber, 2001. It takes on the United States and argued that they lived in ethnic pushtoon tribal lands in area of North West Pakistan's border with Afghanistan.

میڈم چیئرپرسن! ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جاتا۔ قبائل کو اعتماد میں لیا جاتا، کم از کم قبائل کے جو پارلیمنٹ کے ممبران ہیں ان کو بلایا جاتا' ان کو بٹھایا جاتا ان سب کو چھوڑ کر' یہ اصل وجہ ہے کہ موجودہ حکومت نے بھی پرویز مشرف کی پالیسی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے وہاں پر جنگ چھیڑ دی اور زمینی جنگ میں شکست کھانے کے بعد انہوں نے ہوائی فوج استعمال کرنی شروع کی۔ اس میں جو جان و مال کا نقصان ہوا ہے وہ ایک طرف' لاکھوں کی تعداد میں لوگ اپنے گھر بار چھوڑنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے۔

Madam Presiding Officer: Please wind up now.

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان: میں چند آخری جملے کہنا چاہوں گا۔ ایک طرف تو اعلان کر دیا گیا کہ رمضان کے احترام میں اس جنگ کو روکا جا رہا ہے اور کہا گیا کہ لوگ واپس

جا رہے ہیں لیکن یکم رمضان ہی کو باجوڑ کے علاقے میں مارٹر گولے گرنے لگے اس میں بچے اور خواتین شہید ہوئے۔ یہ اصل میں حکومت کے سوچنے کا وقت ہے اور وہ اس بات کو سوچے کہ اس مسئلے کو فورس کے استعمال کے ذریعے کسی طریقے سے بھی حل نہیں کیا جا سکتا۔ مجھے اس بات سے اتفاق ہے کہ پارلیمنٹ کے اندر اس پر بحث ہو' اس پر اختلاف رائے موجود ہے۔ تمام اراکین اپنے دلائل کے ساتھ بات کریں اور ایک دوسرے کے دلائل کو سنا جائے اور ہم کسی قومی اتفاق رائے پر پہنچ کر اس مسئلے کو حل کر سکتے ہیں۔ فوج کا جتنا زیادہ استعمال ہوگا' militancy اتنی ہی زیادہ بڑھے گی اور آپ خودکش بمباروں کو چاہے حرام کہیں' چاہے کچھ کہیں لیکن آپ فوج کا استعمال کر کے گیارہ افراد کو شہید کرتے ہیں تو کیا اس گھر کا نوجوان خودکش بمبار نہیں بنے گا؟ کیا آپ کی پالیسی کے نتیجے میں خودکش بمبار نہیں بن رہا؟ کیا آپ خود اس کو خودکش بمبار نہیں بنا رہے؟ یہ غیر ملکی نہیں بلکہ ہمارے اپنے قبائل ہیں جن کو مسمار کیا جا رہا ہے۔ جن کے خاندانوں کو شہید کر ڈالا گیا وہ خودکش بمبار بن کر اپنی ہی فوج پر حملہ آور ہیں۔ فوج اس کام کے لیے نہیں کہ اپنی عوام کو ماریں' ہمارے گن شپ ہیلی کاپٹر' ہمارے بمبار طیارے قبائلی عوام پر استعمال ہو رہے ہیں یہ سرحدوں کی حفاظت کے لیے تھے۔ یہ دشمن کے حملے سے ملک کو بچانے کے لیے تھے۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس پالیسی کو فوراً روک دیا جائے اور اس بات کا اعلان کر دیا جائے کہ امریکہ کی war on terror نہیں ہے' یہ مسلمانوں کے خلاف terrorism ہے اور امت مسلمہ کے خلاف ہے۔ ہم اس سے نکل رہے ہیں۔ شکریہ۔

Madam Presiding Officer: Before giving floor to Sahibzada Khalid Jan, next will be Dr. Said.

سینیٹر صاحبزادہ خالد جان : جناب چیئرپرسن! یہاں باجوڑ پر حملوں کی بات ہو رہی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ حکومت نے ایک طرف رمضان کے مقدس مہینے میں اعلان کیا ہے اور دوسری طرف سوات اور باجوڑ پر جو بمباری ان تین' چار دنوں سے ہو رہی ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ ہمارے ساتھی جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں' تقریباً آٹھ' دس مہینوں یا ایک سال سے

متواتر بول رہے ہیں' اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ اسی وجہ سے احتجاجاً ہم کوئی بات نہیں کر رہے اور بیٹھتے ہیں۔ حکومت کو معلوم نہیں ہے کہ کیا ہو رہا ہے۔ حکومت نہیں جانتی کہ کون کر رہا ہے۔ ہم اپنے علاقوں میں' ہم اپنے راستوں میں' ہم اپنے کمروں میں محفوظ نہیں ہیں۔ وزیراعظم صاحب محفوظ نہیں ہیں ہم کیا بات کریں گے۔ بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم سب کو مل کر اس کا کوئی حل نکالنا چاہیے۔ حل کس طرح نکالیں' جس طرح پروفیسر صاحب نے کہا کہ ایک وزیر ایک طرف بولتا ہے' دوسرا دوسری طرف' تیسرا تیسری طرف' ہم کیا کریں گے۔ اس وجہ سے ہم تقریر نہیں کر رہے ہم بیٹھتے ہیں۔ شکریہ۔

Madam Presiding Officer: After Dr. Said, I will invite Hafiz Rashid Ahmed. So, I give the floor to Dr. Said.

سینیٹر ڈاکٹر محمد ساعد : شکریہ میڈم چیئرپرسن! ہماری شمال مغربی سرحدوں پر جو کچھ ہو رہا ہے اس سے متعلق میں چند گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ میڈم پہلی بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو کچھ اس وقت وزیرستان میں ہو رہا ہے' باجوڑ میں ہو رہا ہے' سوات میں ہو رہا ہے' یہ ایک عالمی سازش کا حصہ ہے۔ اس کا مقصد ہمارے قبائلی علاقہ جات کو اور صوبہ سرحد کو اس ملک سے بالکل علیحدہ کرنا ہے۔ یہ پاکستان کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے' Balkanization کرنے کی ابتدا ہے اور آغاز ہے۔

جناب چیئرپرسن! یہ ایک منظم سازش ہے اور اس کو بڑے scientific طریقے سے تیار کیا گیا ہے۔ اس میں امریکہ ایک leading role ادا کر رہا ہے اور امریکہ کے ساتھ ساتھ افغانستان اور بھارت بھی ملوث ہیں۔ اگر ہم نے بغیر کسی vision کے' بغیر کسی فراست کے اسے روکنے کی کوشش کی' مجھے ڈر ہے کہ ہماری حکومت بھی اس سازش میں ملوث ہوگی' ہماری فوج اور ہماری دیگر ایجنسیاں بھی اس سازش میں ملوث ہوں گی۔

دوسری بات' جناب چیئرپرسن' پاکستان کی ساٹھ سالہ تاریخ میں یہ جو ہمارے قبائلی علاقہ جات ہیں These have been in a perfect peace. یہ امن و امان کے علاقے رہے ہیں۔ سیروسیاحت کے لیے لوگ یہاں پر آتے تھے اور سوات میں بالخصوص' پورے ملک سے بچے'

خواتین اور مرد یہاں پر آتے تھے اور بلا خوف و خطر بحرین، مدین، کالام، اوشو و بلی اور متلتان میں یہ گھومتے پھرتے تھے۔ Tourism سوات کے عوام کا ایک بہت بڑا ذریعہ معاش تھا اور انہوں نے کروڑوں اور اربوں روپے کی investment کی ہے اور ہوٹل، ریسٹورنٹ اور Rest houses تعمیر کیے ہیں۔

میڈم چیئرپرسن! گرمی کے موسم میں سوات میں ایک جشن کی فضا ہوتی تھی اور ایک میلے کا سماں ہوتا تھا۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ سوات کے اپنے باسی بھی اپنے گھروں سے باہر نہیں نکل سکتے۔ Schools are closed, hospitals are closed. سڑکیں ویران ہیں، ہوٹل بالکل خالی ہیں This is something of a very serious concern. جناب چیئرپرسن، یہ بھی record پر ہے کہ اٹھاون سال تک اس علاقے میں کوئی شورش، کوئی بدامنی نہیں ہوئی اور جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں، جو Law and Order situation ہم دیکھ رہے ہیں یہ افغانستان پر امریکی حملے کے بعد کا phenomenon ہے۔ یہ جناب چیئرپرسن، اس لیے ہے کہ ہم نے امریکی افواج کو intelligence فراہم کی، ہم نے امریکی حملے کی کھل کر حمایت کی اور ہم نے نیٹو اور امریکی افواج کو اپنے ملک کے اندر سے پٹرول اور ڈیزل لے جانے کی اجازت دی۔ اس وقت جو بھی سڑک پر آپ observe کر رہے ہیں کہ جتنے بھی بڑے بڑے containers جا رہے ہیں یہ سارے کے سارے سامان خوردونوش اور ملٹری armament سے بھر کے افغانستان جا رہے ہیں۔

جناب چیئرپرسن! اگر ہمارا تعاون نہ ہوتا، اگر ہمارا تعاون نہ ہو تو امریکی افواج، I can assure you کہ یہ ایک دن کے لیے افغانستان میں لڑ نہیں سکتے۔ افغانستان میں جناب چیئرپرسن، جو کچھ ہو رہا ہے، جو قتل و غارت ہو رہی ہے، جو بے گناہ، معصوم شہید ہو رہے ہیں اس میں logically ,directly and indirectly ہمارا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ یہ بھی record پر ہے کہ اس وقت افغانستان میں جو لوگ امریکہ اور نیٹو forces کے خلاف لڑ رہے ہیں

They are not Talibans, they are being labelled as Taliban because Taliban is very good trade mark. Under the excuse of Taliban you can fight them, eliminate them. They are not Taliban, they are freedom fighters who

have never allowed any invader to occupy Afghanistan

جناب یہ freedom fighters افغانستان کے اندر بھی لڑ رہے ہیں اور افغانستان کے باہر بھی لڑ رہے ہیں۔

Madam Presiding Officer: Please, try to wind up.

سینیٹر ڈاکٹر محمد ساجد : جناب چیئرپرسن! تیسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ امریکی حکومت کا کہنا ہے، ان کا دعویٰ ہے کہ عراق سے امریکی افواج ایک دو سال میں نکل جائیں گی

but they have not given any time schedule for the withdrawal from Afghanistan.

جس سے صاف ظاہر ہے کہ

They are going to stay here for a very very long time to come.

جناب چیئرپرسن! افغانستان کوئی Switzerland نہیں ہے

Afghanistan is not another Paris where the forces are there to make a holiday or picnic. They are there to fulfil and perform a mission.

اور جناب، من جملہ اور چیزوں کے مشن یہ ہے کہ

They have got a plan, they have got a new map and they want to implement that new plan on the ground.

جناب چیئرپرسن! اس نئے نقشے کے مطابق، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ قبائلی علاقہ جات اور صوبہ سرحد کو افغانستان میں ضم کرنا ہے۔

Maps have already been published. It is not a secret.

اور یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے۔

Madam Presiding Officer: Please try to wind up now.

سینیٹر ڈاکٹر محمد ساجد : یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ اس منصوبے میں ہمارے

ملک کے اندر بھی بعض لوگوں کا تعاون شامل ہے۔ اگر مجھے صرف دو منٹ دے دیں، چوتھی بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں میڈم چیئرپرسن، وہ یہ ہے کہ یہ plan اس وقت تک implement نہیں ہو سکتا جب تک اس ملک میں ایک نفرت کی فضا قائم نہ کی جائے اور ایسی نفرت کی فضا کہ ہمارے لوگ خود آپس میں فیصلہ کریں کہ ہم ایک ساتھ رہنا نہیں چاہتے، ہم رہ نہیں سکتے۔

میڈم چیئرپرسن! اس وقت جس طریقے سے ہمارے ہیلی کاپٹر، گن شپ اور جیٹ طیارے معصوم شہریوں کی جانیں لے رہے ہیں، گھروں کو تباہ کر رہے ہیں Its absolutely unforgivable on the part of the Pushtoons. پشتون قوم کی روایات یہ ہیں کہ وہ مظالم اور زیادتی کا انتقام لے گی۔ It may take some years. They will never forget to avenge. اور پاکستانی فوج اور پاکستان کی سول آبادی بدقسمتی سے اس انتقام کا نشانہ بنے گی۔ خودکش حملے ہوں گے جس میں بے گناہ افراد جاں بحق ہوں گے۔ And we are already witnessing this tragic drama. یہ ایک Text Book exercise ہے جو کہ مشرقی پاکستان میں We have seen the consequences of this. Political geography کا یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ جب بھی سول آبادی پر آپ military action کریں گے، اپنی آبادی کے خلاف اگر آپ military action لیں گے تو اس کا نتیجہ ہو گا کہ You have to redraw international boundaries. If you are bent upon military action against your own people as we have seen in the East Pakistan, international boundaries have to be redrawn.

جناب چیئرپرسن! یہ کھیل شروع ہو چکا ہے۔ میں آپ کو صرف حوالہ دیتا ہوں کہ How do you expect the Bajauries to love the Pakistani forces. میں نے حوالہ دیا ہے ان اشتہارات کا جو گن شپ ہیلی کاپٹر سے پھینکے جا رہے ہیں اور پھینکے گئے ہیں۔ یہ باجوڑ کے لوگوں کو warn کر رہے ہیں کہ جو شخص بھی پیدل نظر آئے گا، اگر اس نے ہوا میں ہاتھ بلند نہ کیا تو اسے بھی مارنے کا حکم ہے۔ اگر کوئی شخص بیٹھا ہو تو کھڑا ہو کر ہاتھ بلند کر دے، Surrender. جناب چیئرپرسن، یہ ہیلی کاپٹروں سے جو ہم تباہی مچا رہے ہیں With due

respect, یہ جو ہندوستانی فوج ہے' held Kashmir ہے آج تک انہوں نے

It is on record, I am not defending Indians. It is on record that they have never used Jet fighters and gunship Helicopters to subject the freedom fighters.

یہ پہلی مرتبہ ہمارے ملک میں ہو رہا ہے. and how do you expect

Madam Presiding Officer: Please try to wind up.

Senator Dr. Muhammad Said: Madam,. just one minute. How do you expect the patriotic Bajauries to extend love and affection to our armed forces.

یہ نفرت کے لیے آپ ایک فضا تیار کر رہے ہیں اور اس نفرت کے جو consequences ہیں' میں نے ان کی طرف اشارہ کیا ہے۔

میری آخری گزارش ہے کہ اس فوجی کارروائی کو فوراً بند کیجئے' immediately, آج تک کسی ملک نے اپنے شہریوں پر جیٹ طیاروں سے بمباری نہیں کی ہے۔ میڈم چیئرپرسن! خدا کے لیے اس بمباری کو روکیں۔ جو افراد باجوڑ سے بے دخل ہو گئے ہیں'جو displaced ہیں' جو بڑی مشکل کی زندگی گزار رہے ہیں اپنے بال بچوں کے ساتھ ان کی rehabilitation کے لیےکوئی concrete step اٹھائیں ۔ جن افراد کیا املاک تباہ ہوئی ہیں Please compensate them. جو بے گناہ افراد شہید ہوئے ہیں ان کی بیواؤں اور ان کے یتیموں کی داد رسی کریں' ان کی امداد کریں۔

جناب چیئرپرسن صاحبہ! میری آخری گزارش یہ ہے کہ غیرملکی ایجنسیوں نے جو منصوبہ بنایا ہے ' ہمارے لیے جو جال تیار کیا ہے we should not be trapped in it, اس میں نہ پھنسیں۔ ہم ان کی چالوں کو سمجھنے کی کوشش کریں اور اس ملک کو اس دلدل کے بحران سے نکالیں ۔ شکریہ

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ' مولانا عبدالرشید صاحب ۔

سینیٹر عبدالرشید : اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ محترمہ چیئرپرسن! آپ نے ایک اہم موضوع پر مجھے اظہار خیال کا موقع دیا۔یہ بات آپ کو بخوبی معلوم ہے کہ اس وقت فاٹا اور قبائل کو دو قسم کےخطرات لاحق ہیں اور اس کی وجہ سے آج کل فاٹا میں زندگی بدترین اورخطرناک دور سے گزر رہی ہے ۔فاٹا میں زندگی آج کل شعلوں میں جل رہی ہے۔نیٹو فورسز کی طرف سے دو تین سال سے ہم لوگوں پر ایک وحشیانہ سلسلہ جاری ہے جس سے سینکڑوں کی تعداد میں ہمارے لوگ شہید ہوئے تو دوسری طرف ملک کی افواج آج کل بیگناہ قبائل کے قتل عام میں مصروف ہیں۔اس Session کے پہلے دن ۲۵ تاریخ کو باجوڑ کے مسئلے پر میں نے ایوان میں یہ issue اٹھایا تھا اور اس آپریشن کا پورا نقشہ اور اس آپریشن کے حوالے سے کئی خدشات اور سوالات میں نے ایوان کے سامنے رکھے تھے لیکن آج تک اس کا کوئی جواب سامنے نہیں آیا اس ایوان میں آج بھی ہمارے سوالات اور اس آپریشن کے حوالے سے ہمارے جو تحفظات ہیں اس کا جواب دینے والا کوئی موجود نہیں ہے ۔بہرکیف اس آپریشن کے حوالے سے اور اس کے پس منظر میں جو حالات ہیں اس کے چند حقائق کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ مسائل کا حل ، حقائق اورعوامل کے تناظر میں تلاش کرنا چاہیے میرے ذہن کے مطابق اکثر مسائل کے حل نہ ہونے کی ناکامی کی جو بڑی وجہ ہے ۔وہ حقائق کو چھپانا اورمسائل کی اصل تصویر کے بجائے غلط تصویر پیش کرنا ہے۔محترمہ ! یہ بات اپنی جگہ ایک حقیقت ہے کہ اس وقت ملک کے اندر معاشی بحران ہے ۔عدالتی بحران ہے ۔ کئی دیگر مسائل ہیں لیکن سب سے بڑا مسئلہ جو اس وقت ملک کی سلامتی کے لیےخطرہ بنا ہوا ہے وہ امن و امان کا مسئلہ ہے ۔بدامنی کی وجہ سے اس وقت پورا ملک جل رہاہے ۔خودکش دھماکے ، قتل و غارت ، اغواء برائے تاوان ایسے واقعات روزمرہ کامعمول بن چکے ہیں ۔بہرکیف بدامنی کی فضا ، بدامنی کی ایک کیفیت اس وقت موجود ہے لیکن جب ہم اس کے حل کے راستے تلاش کررہے ہیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس وقت ملک کے اندر مزاحمتی قوتوں کا جو وجود ہے اور اس کے نتیجے میں جو بدامنی کی صورت حال ہے ،آیا یہ کوئی ابتدائی عمل ہے ۔ ابتدائی اقدام ہے ، ابتدائی حرکت ہےیا یہ کسی عمل کا ردعمل ہے ۔دونوں کے حل میرے ذہن میں الگ الگ

ہیں ۔اگر یہ کوئی ابتدائی عمل ہے ' یہ کوئی ابتدائی حرکت ہے تو ظاہر بات ہے کہ پھر اس کے حل کو اس عمل کو روکنا ہے۔یہ حل ہے خواہ طاقت کے ذریعے سے ہو ' خواہ آپریشن کے ذریعے سے ہو ' خواہ مذاکرات کے ذریعے ہو ' خواہ قومی لشکرکشی کے ذریعے ہو صرف اس عمل کو روکنا اس عمل کا حل ہے لیکن یہ عمل کوئی ابتدائی عمل نہ ہو بلکہ یہ کسی پالیسی اور کسی کے اشارے اور کسی عمل کا ردعمل ہو تو اصلی بات ہے کہ ردعمل کے اس علاقے میں عمل کی اصلاح کی ضرورت ہوتی ہے ۔ جناب والا! اس وقت اگر ضبط اور تعصب کی سیاست کو بالائے طاق رکھا جائے تو یہ بات ابتدائی کی ہے کہ اس وقت ملک کے اندر جو حالات ہیں امن و امان کے حوالے سے ' یہ سارے کے سارے اس پالیسی کے ردعمل ہیں جو 9/11 کے بعد ایک ظالم نے اپنے ذاتی مفاد کی خاطر اپنایا تھا۔ اسی پالیسی کے نتیجے میں حکومت اس وقت نام نہاد دہشت گردی کے خلاف اس اتحاد کا حصہ بن گئی اور جیسے کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت پرویز مشرف نے جس بنیاد پر اس عالمی اتحاد میں شمولیت اختیار کی' اس جنگ کا حصہ بنے وہ دلیل انتہائی کمزور تھی۔ دلیل یہ تھی کہ اس جنگ میں شمولیت امریکہ کے ساتھ اتحاد ' امریکہ کو support دینا ' امریکہ کو یہ سرزمین استعمال کرنے کی اجازت دینا ' یہ ملک کے مفاد میں ہے ' یہ عوام کے مفاد میں ہے اور اگر ہم اس اتحاد میں شامل نہ ہو جاتے تو پھر ہمارے ملک کو خطرہ ہے ۔ہماری سرحدات کو خطرہ ہے ۔یہ اس دن تھا۔ جب بھی ہمارا مذہبی طبقہ' اس ملک کے عوام ' اس ملک کی جمہوریت پسند قوتیں جو تھیں ان کی یہ دلیل اور ان کا یہ موقف تھا کہ یہ اتحاد ' ملک کے نقصان کے لیے ہے' یہ ملک کے مفادات میں نہیں ہے ۔

جناب والا! آج کل کے حالات نے ہمارے موقف کو درست ثابت کیا ہے۔ اگر ایک طرف دیکھا جائے تو اس اتحاد کی وجہ سے میرے اندازے کے مطابق تقریباً 500 سے لے کر 6000 تک افراد کی قیمتی جانیں ضائع ہوئیں خودکش دھماکوں میں ۔ فوج اور قوم کو آپس میں لڑانے کی وجہ سے اس نتیجے میں پیسے لے کر چھ ہزار تک جانیں امریکہ کے اتحاد کی وجہ سے ہماری ضائع ہوئی ہیں۔ اس کے بعد پھر تیسرا مسئلہ ہماری سلامتی کو خطرہ لاحق ہوا ہے۔ جب ملک کے اندر ایسے حالات ہوں' اسی پالیسی کے ردعمل میں تو ظاہر بات ہے کہ اس حالت پر قابو پانا ' اس کو روکنا اور اس کا حل صرف اس چیز کی پالیسی کی تبدیلی ہے ۔اس کے علاوہ میرے

ذہن میں اس کا کوئی حل نہیں ہے ۔مذاکرات اس کے حل ہیں نہ بندوق اس کا حل ہے ۔ایک چیز اس کا حل ہے۔ ظاہر بات ہے بندوق کے حوالے سے نیا سوال یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ملک کے ماضی کے تناظر میں طاقت کا استعمال مسائل کے حل کا ذریعہ ہے یا مسائل کو بگاڑنے کا ذریعہ ہے ۔ظاہر بات ہے اس ملک کی ساٹھ سالہ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ طاقت اور بندوق تمام مسائل اور تمام خرابیوں کی جڑ ہے۔ اگر ملک تقسیم ہوا ہے تو یہ طاقت کے استعمال کے نتیجے میں ہوا ہے ۔آج کل کے جو حالات ہیں وہ بندوق کے استعمال سے آئے ہیں ۔جب وزیرستان میں طاقت استعمال ہوئی تو وہ آج تک وزیرستان تک محدود تھی لیکن اب وہ پورے قبائل میں پھیل گئی ہے ۔پھر جب لال مسجد میں طاقت کا استعمال ہوا تو پھر ملک اس آگ کی لپیٹ میں آ گیا تو ظاہر بات ہے کہ اس طرح کی کارروائیاں مسائل کا حل نہیں ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جس طریقے سے اس ملک میں طاقت کا استعمال کیا جا رہا ہے' یہ چیز خود دہشت گردی کے زمرے میں آتی ہے۔ اس لیے کہ ریاستی دہشت گردی کے کیا معنی ہیں؟ یہ کہ ملک کے پر امن شہریوں پر طاقت استعمال کی جائے۔ ظاہر بات ہے کہ اس ملک میں جتنے operations ہوئے ہیں اور جتنے جاری ہیں' اس بات کو سامنے رکھیں کہ ان میں سارے کے سارے لوگ جو متاثر ہوئے ہیں' یہ عام لوگ ہیں۔ باجوڑ ایجنسی میں تقریباً ایک مہینے سے operation جاری ہے اور اس پورے مہینے میں حکومت نے مزاحمت کاروں کی طرف ایک انچ پیش قدمی نہیں کی ہے۔ سارے operations میں عام لوگوں اور عام آبادی کو نشانہ بنایا ہے۔ جناب والا! پھر سب سے بڑا ظلم یہ ہوا کہ وہاں پر زمینی قوت کی بجائے فضائی قوت کو استعمال کیا گیا ہے۔ظاہر بات ہے کہ زمینی قوت کے اہداف متعین ہوتے ہیں جب کہ فضائی قوت کے اہداف متعین نہیں ہوتے ہیں' اس کی وجہ سے عام لوگ متاثر ہوئے ہیں۔

Madam Presiding Officer: Please, wind up now.

سینیٹر عبد الرشید : ایک منٹ میں کرتا ہوں۔ میں عرض کر رہا تھا کہ اس سارے operation میں عام لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ پورے کے پورے خاندان تباہ ہوئے ہیں اور اس کی وجہ سے لاکھوں لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہوئے۔ آج کل بھی وہ بے سروسامانی کی

حالت میں اپنے ہی ملک میں مہاجروں جیسی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ محترمہ! پھر سب سے بڑا ظلم یہ ہوا کہ 20 اگست کو مشیر داخلہ نے ایک پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ رمضان میں جنگ بندی ہوگی اور اس میں دو باتوں کا عہد کیا۔ ایک یہ کہ اس جنگ بندی پر عمل درآمد 31 اگست کی رات سے ہوگا اور دوسرا یہ کہ جس جگہ سے سیکورٹی فورسز پر حملے ہوں گے ہم اس جگہ پر ہی کارروائی کریں گے۔ جناب والا! آج 5 ستمبر ہے اور باجوڑ کی سرزمین پر یہ operation شدت اور پوری وحشت کے ساتھ جاری ہے۔ پھر جناب والا! مصیبت کی بات یہ ہے کہ جن لوگوں نے نقل مکانی کی تھی، ان کے اس اعلان کے بعد وہ لوگ واپس اپنے گھروں کو آ گئے اور ان میں ایسے خاندان بھی ہیں کہ جب وہ اپنے گھروں کو واپس پہنچے تو گولیاں لگنے سے ان کا پورا خاندان تباہ ہو گیا اور جو بچ گئے ہیں، وہ اب دوبارہ نقل مکانی کر رہے ہیں یعنی اگر ایک طرف ان لوگوں کے خلاف طاقت کا استعمال ہے تو دوسری طرف یہاں کے لوکل لوگوں کے ساتھ ایک مذاق ہے۔

جناب والا! وہاں پر یہ صورت حال ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے ہزار ہا دعوؤں کے باوجود کہ یہ جنگ دہشت گردی کے خلاف ہے اور اس میں ہم نے اتنے دہشت گردوں کو مارا ہے، اتنے غیرملکیوں کو مارا ہے، یہ باتیں بالکل حقائق سے متصادم ہیں۔ میں چیلنج کرتا ہوں کہ یہ بالکل بے گناہ عوام کے خلاف جنگ ہے۔ یہ معصوم قبائلی عوام کو بندوق اٹھانے پر مجبور کرنے کی ایک مذموم سازش ہے۔ یہ میری سوچ ہے۔

جناب والا! آخر میں اس operation کے حوالے سے دو تین سوالات ہیں۔ پہلا یہ ہے کہ آپ کو معلوم ہے کہ وزیر اعظم نے اسمبلی کے floor پر اپنی پہلی تقریر میں یہ کہا تھا کہ ہم قبائلیوں کے ساتھ مذاکرات کریں گے اور مذاکرات سے مسائل حل کریں گے۔ طاقت کا استعمال نہیں کریں گے۔ اگر طاقت استعمال کرنے کا فیصلہ کرنا ہوگا تو پھر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ پھر 23 جولائی کو سربراہ اتحادی اجلاس میں بھی یہ فیصلہ ہوا تھا۔ اب سوال یہ ہے کہ اس کے بعد operation کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟

دوسرا سوال یہ ہے کہ اس operation میں جب زمینی قوت مزاحمت کاروں کی روک تھام کے لیے کافی تھی تو پھر فضائی قوت کیوں استعمال ہوئی؟ میرا تیسرا سوال یہ ہے کہ اس میں

جتنے افراد شہید ہوئے ہیں، وہ سینکڑوں کی تعداد میں ہیں، یہ تقریباً تین چار سو ہیں۔ میں دو تین دن میں ان کی list تیار کرلوں گا اور پھر آپ کے ذریعے ثابت کروں گا کہ ان میں کون دہشت گرد اور کون غیر ملکی ہے۔ میرا آخری سوال یہ ہے کہ 30 اگست کو اعلان جنگ بندی کرنے کے بعد اس پر عمل درآمد کیوں نہیں کیا گیا اور اس میں کون رکاوٹ ہے؟ یہی میرے سوالات ہیں۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Madam Presiding Officer: Further dicussion on the admitted adjournment motion , regarding law and order situation in Bajaur Agency will be continued on Monday and now we take up points of order . We have some names here. Dr. Saadia Abbasi Sahiba.

Senator Saadia Abbasi: Thank you , Madam Chairperson . Madam Chairperson , my Point of Order relates to the National Accountability Bureau and its functioning.

جناب والا! جو کل سوالات یہاں submit کئے گئے تھے، اس میں ایک سوال تھا کہ Ministry of Interior کا ایک UK delegation گیا ہے and this delegation went to attend a judicial group meeting. میں نے بار بار about the National Accountability Bureau question raise کیا ہے۔ اس ہاؤس نے اس کے بارے میں ایک resolution unanimously pass کیا ہوا ہے کہ اس کو disband کیا جائے۔ اس سوال کے جواب میں ایک list دی گئی ہے who have attended this conference, اس کے serial No. 8 پر ایک خاتون، مدیحہ خان کا نام ہے جو کہ Acting Director, National Accountability Bureau ہے۔ میڈم چیئرمین! سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ

this person has no legal experience . This person has no experience with regard to investigation . This person has no experience with regard to

prosecution . This person has been enjoying the perks of the office of National Accountability Bureau for the last so many years , simply because of her connections and no other reason.

اب ایسی خاتون کو اس حکومت کے delegation میں include for a judicial meeting کرنا ' یہ میری سمجھ سے بالا ہے۔ After all, اگر کسی نے جانا ہی تھا' تو ہماری سپریم کورٹ سے کوئی جا سکتا تھا' ہمارے ہائی کورٹ سے کوئی جا سکتا تھا۔ ان کو کیوں بھیجا گیا؟ ان کو اس لیے بھیجا گیا کہ یہ جو ادارہ ہے' یہ صرف اور صرف چند اشخاص کو confer benefits کرنے کے لیے establish کیا ہے۔ کیا اس میں prosecute کرنے کے لیے انہیں سیاست دان ہی ملے ہیں؟ اب اس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ parasites ہیں جو ابھی تک وہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور ابھی تک وہ enjoy benefits کر رہے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ National Accountability Bureau کے جو چیئرمین ہیں ' he received a salary package in excess of five lac rupees per month. What is his contribution? What he has contributed?

وہاں ایک Rear Admiral Sahib ہیں جنہوں نے شاید 35 سال فوج کی نوکری کرنے کے بعد یہ ادارہ join کیا ہے۔ جناب والا! ان کا with regard to investigation, with regard to prosecution کیا experience ہے؟ یہ وہاں پر as a Deputy Chairman بیٹھے ہوئے ہیں۔ He is getting something in excess of 4 lac rupee per month. جب ہم نے یہ بات کہی کہ these are the remanents of the Martial Law regime, اس لیے انہیں ختم کیا جائے تو اس کے پیچھے کوئی wisdom تھی اور یہ بات پورے ہاؤس نے کہی تھی۔ اس کے باوجود ان لوگوں کو رکھنا اور انہیں تنخواہیں دینا' جو ہم لوگوں اور پاکستان کے عوام کے ٹیکس کے پیسے سے دی جاتیں ہیں' ٹھیک نہیں ہے۔ ہم نے پہلے بھی کہا تھا کہ اسے freeze کریں ۔ جناب! وہاں سب کچھ freeze کریں۔

Madam Presiding Officer: Your point has been well taken.

سینیٹر سعدیہ عباسی : جو بھی cases ہیں ' وہ Anti Corruption Courts میں

merit کے مطابق transfer کریں لیکن یہ لوگ اس بات کی کیا explanation دے سکتے ہیں
کہ ایسے شخص کی جس کا کوئی experience نہیں ہے اور یہ میں challenge کرتی ہوں کہ اگر
ان کا کوئی experience ہے تو یہ مجھے بتائیں۔ جناب والا! ان کے پاس نہ تو law کی degree
ہے۔ Law کے حوالے سے بھی ان کے پاس کوئی degree نہیں ہے اور Law enforcement
کے حوالے سے بھی کوئی degree نہیں ہے۔

Madam Presiding Officer: Leader of the House would like to answer this.

Senator Mian Raza Rabbani: Madam Chairman, as far as the National Accountability Bureau is concerned, I think, we are whiping a dead horse because in the first policy statement of the Prime Minister, it was categorically stated that the National Accountability Bureau is in the process of being wind up. He reiterated that yesterday again on the floor of the House that the National Accountability Bureau is going to be wound up. Prior to that in the Federal Budget on the recommendations of the Senate, a freeze on the expenditure of the Bureau has been put and as a consequence, I was just being informed by honourable Law Minister, that perhaps due to that freeze, there are no Accountability Judges, court-judges now in Rawalpindi for the fact they don't have money to pay for their salaries. So, the Accountability Bureau is on the wound up and in the next couple of months, in the next month or so, it will be wound up. There are no two ways. As far as this particular case is concerned, if the honourable member had given it to me earlier, I would have got the information but I will take the name and I will find out what

was the criterion of selection by Monday.

Madam Presiding Officer: Mr. Ahmed Ali, please. Senator Ahmed Ali sahib is not there. Prof. Khurshid sahib, please.

(مداخلت)

Madam Presiding Officer: I have taken your name.

آپ کا نام پیر کو آئے گا اور یہ discussion پیر کو چلے گی اور آپ کا نام اس میں موجود ہے -

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر : پروفیسر صاحب نے Floor لیا ہے اس کے بعد آپ کو لے لیتے ہیں -

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد : شکریہ جناب چیئرپرسن! میں آپ کے توسط سے Leader of the House کی توجہ دو مسائل کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں - ایک یہ کہ ڈان کی تین ستمبر کی اشاعت میں ایک بڑا اہم مسئلہ سامنے آیا ہے ' وہ یہ ہے کہ Custom Department جو software استعمال کر رہا ہے ' وہ defective ہے - بار بار متوجہ کرنے کے بعد بھی اس کو improve نہیں کیا گیا - اس میں جو data لایا جا رہا ہے' وہ ناکافی ہے - جو fake identity cards کی بنیاد پر imports ہوتی ہیں' اس کے بعد اس کا کوئی follow up نہیں ہو پاتا - اس لیے ان کا Bank Account ' ان کی دوسری details اس میں شامل نہیں ہیں- بار بار کہنے کے باوجود کچھ نہیں ہو رہا اور اس وقت صورت حال یہ ہے کہ اس software کے خراب ہونے کی بنا پر دو سو پچاس کنٹینرز ہیں' جو ایک ہفتے کے اندر اندر clear کیے گئے ہیں اور اندازہ یہ ہے کہ ان containers کی وجہ سے ایک بلین روپے کا loss, Custom Revenue کو ہوا ہے - لیکن یہ پوری بات نہیں ہے- تقریباً ڈیڑھ دو سال سے یہ process جاری ہے اور نا معلوم کتنے بلین ہم lose کر چکے ہیں - بار بار point out کیے جانے کے باوجود بھی معلوم ہوتا ہے کہ Federal Board of Revenue نے اس

معاملے میں سنجیدگی کا اظہار نہیں کیا - حکومت نے بھی اس معاملے پر کوئی توجہ نہیں دی اور یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس کا تعلق ملک کی معیشت سے ہے اور سود پر قرض لے کر نظام حکومت چلا رہے ہیں - اس طریقے سے اس کا جاری رہنا قابل برداشت نہیں ہے - اسے فوراً investigate کیا جائے -

دوسرا مسئلہ جناب والا! محترمہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا اٹھانا چاہتا ہوں - مجھے معلوم ہے کہ گورنمنٹ نے اس معاملے میں اب کچھ دلچسپی کا اظہار کیا ہے لیکن وہ قطعاً ناکافی ہے - ہمیں سب سے پہلے یہ سوال face کرنا ہو گا کہ ایک خاتون اپنے تین بچوں کے ساتھ 2003 میں پاکستان کی سرزمین پر گرفتار ہوتی ہے اور پاکستانی سیکیورٹی ایجنسی نے اس کی family کو ضمانت دی کہ پریشان نہ ہوں، وہ ٹھیک ہاتھوں میں ہے اور اس کے بعد کہا جاتا ہے کہ وہ جولائی ۲۰۰۸ میں کابل میں رونما ہوئی ہے اور گن لے کر فوجیوں کو مار رہی ہے - یعنی نوے پاؤنڈ وزن کی خاتون اور تین تین مسلح امریکی فوجی موجود ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ وہ ان پر حملہ آور ہوئی ہے - اس کیس کو جس اہمیت کے ساتھ، جس سطح پر political اور legal لینا چاہیے، لیا جائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس کے بچوں کا مسئلہ ہے - معلوم ہوا ہے کہ اس کے بچے۔ اب تک trace نہیں ہوئے ہیں - ایک بچہ جو trace ہوا ہے ' اس کے بارے میں بھی' اگر یہ اطلاع صحیح ہے تو بڑی افسوسناک ہے کہ چونکہ اس کے بچے کے پاس British passport ہے' اس لیے پاکستانی حکومت نے اس میں دلچسپی نہیں لی - ایسا نہیں ہونا چاہیے ' جو پاکستانی origin کے لوگ ہیں' وہ ہمارا جگر گوشہ ہیں اور یہ national issue ہے۔ تینوں بچوں کو trace کیجیے اور اس معاملے میں قانونی اور سیاسی ' دونوں سطح پر موثر کارروائی ہونی چاہیے - اس لیے میں آپ کی توجہ ان دونوں مسائل کی طرف مبذول کراتا ہوں -

سینیٹر میاں رضا ربانی: میڈم چیئرمین! جہاں تک پہلے point of order کا تعلق ہے - وہ news item میں نے بھی پڑھا ہے لیکن

I am sorry, at the present moment, I can't respond to it. I will talk to the Finance Ministry and get details on that and then I will be in a position

to respond

جہاں تک ......

Madam Presiding Officer: Would you like it to be sent to the I.T Committee?

Senator Mian Raza Rabbani: No, no, there is no need to send it to the committee. I will get the infomation and I will respond on the floor.

(اس مرحلے پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی)

Madam Presiding Officer: Please take the floor.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جہاں تک ڈاکٹر عافیہ کا تعلق ہے تو میں یہاں پر یہ عرض کرتا چلوں کہ اس سے پہلے بھی

on the Floor of the House, I had given a detailed brief on the various steps that the Government of Pakistan and in particular the coalition government has been taking with regard to Dr. Afia and we have been in touch with her. The embassy in United States has been in touch, councillor access has been obtained, they have been meeting with her, she has been in telephonic contact with her councillor of embassy and we are doing whatever that is possible in the United States to ensure that she is given her due legal rights, that she is provided with medical attention and that she is not subjected to humiliating searchers. So, the Government is fully aware of that and fully alive. As far as, the question of the son is concerned, I think that it has been wrongly reported in a section of the press. I have been in touch with the Foreign Office and the

Kabul has been instructed to approach the Afghan authorities and asked for the repatriation of the son and of the other family members, if they are there. It was on the 31st of August, 2008 that a foreign news agency that is AFP, reported that the Foreign Minister of Afghanistan had told journalists that the son of Dr. Afia would be returned to her family soon. The embassy has been in touch with the Afghan authorities. They have been asking them to give a follow up date, subsequent to the Foreign Minister's statement that all that they have for the moment been informed is that the security agencies of Afghanistan have been told to hand over the son and that they would be doing it in due course. No exact date has been provided to the Pakistan's embassy in Kabul. The Pakistan embassy in Kabul is fully alive to the situation. It is totally incorrect to suggest through that news item that Pakistan has refused to accept the boy that is totally incorrect.

As and when the Afghan Authorities hand him over to the Embassy in Kabul, he will be brought back to Pakistan to be united with his family.

Points of Order

The detention of Dr. Afia Siddiqui

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد: میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ڈاکٹر صدیقی کی جو حالت ہے' میں نے کل کے امریکی اخبارات میں جو reports پڑھی ہیں' وہ یہ ہیں کہ وہ اب بھی بروکلین کے ایک پولیس سٹیشن میں ہیں جبکہ ان کے serious rules ہیں۔ ان کے وکیل نے مطالبہ کیا ہے کہ ان کو ہسپتال منتقل کیا جائے' یہ نہیں کیا جا رہا۔ صرف in touch ہونا کافی نہیں

legal and medical facilities ہے، اس معاملے میں مزید دلچسپی لیں اور ensure کریں کہ انہیں حاصل ہوں۔

Senator Mian Raza Rabbani: Madam Chairperson, through you I am grateful to the honourable Senator for welcoming the statement that I had made. I would reiterate again and if the honourable Senator would like, I can give him a catalogue of the datewise contacts that the Embassy of Pakistan have made. The Government of Pakistan has been in touch with Dr. Siddiqui herself and with the American authorities in the United States. It is not possible for me on behalf of the Government of Pakistan to give an assurance because Dr. Siddiqui is not in the custody of Pakistan. Dr. Siddiqui is in the custody of the United States of America. The assurance, that I can give is that the government of Pakistan is alive to the fact that Dr. Siddiqui's condition is not satisfactory. We are alive to the fact that her medical facilities are inadequate and we are constantly in touch with the authorities in the United States to persuade them alongwith her defence Counsel who has, to my information, moved the court as well. We are also in touch with the authorities to try and provide the best possible facilities but as I said, to give a categorical assurance would mean that at a subsequent date, I would have to wring which I would not like to do, when I make a commitment on the floor of the House.

Madam Presiding Officer: I think the sentiments of this House may be communicated that she may be shifted to a hospital or

given due care. Thank you. I now invite Mr. Ahmed Ali.

(Interruption)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: محمد حسین صاحب، تشریف رکھیے، یہ ایک prepared list ہے، ان کے بعد آپ کا نمبر ہے۔ Please have a seat. دو منٹ کی بات ہے، آپ تشریف رکھیے۔

(مداخلت)

Senator Ahmed Ali: Madam, thank you very much.

آپ کا بہت شکریہ، آپ نے مجھے floor دیا، جب آپ نے نام call کیا تو میں وہاں تھا، اس لیے میں واپس آیا ہوں۔ Anyhow, میں آپ سب کی attention Ministry of Religious Affairs کی طرف draw کرانا چاہ رہا ہوں۔ Ministry of Religious Affairs نے ایک Hajj Policy announce کی ہے اور اس کے بعد انہوں نے quota Senators and Tour Opperators کو distribute کر دیا ہے۔ وہ لوگ اس کوٹے کے مطابق لاکھوں کروڑوں روپے خرچ کر کے سعودی عرب میں اپنے arrangements کرتے ہیں جو انہوں نے کر لیے ہیں۔ اب all of a sudden وہاں سے ایک letter آ گیا کہ آپ کا quota half کر دیا گیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ رضا ربانی صاحب اس پر روشنی ڈالیں کہ اگر policy change کرنی ہے تو اگلے سال کریں۔ ان لوگوں کا اتنا نقصان ہو رہا ہے۔

Madam Presiding Officer: Thank you. Leader of the House, please.

سینیٹر میاں رضا ربانی: میڈم چیئرمین! مجھے حج منسٹری کے کوٹے کے بارے میں علم نہیں ہے، میں کوشش کروں گا کہ Monday کو Advisor for Hajj کو خود آ کر اس کا جواب دیں کیونکہ اس کی intricacies وہ بہتر سمجھتے ہیں تو میں کوشش کروں گا کہ Monday کو وہ House میں آئیں۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: میڈم اسی سے related ہے۔

Madam Presiding Officer: Please have a seat, we can take...

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: یہ جو item ہے اسی سے related ہے۔ ان کا کوٹہ کم کر کے نئے لوگوں کو کوٹہ دیا جا رہا ہے تو اس بارے میں۔

Madam Presiding Officer: Ok, this may also be noted.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: میڈم، ہوا یہ ہے کہ جن لوگوں کو پچھلے سال کوٹہ ملا تھا، سعودی حکومت نے ان لوگوں کو کوٹہ دیا ہے لیکن گڑبڑ کہاں کی گئی ہے کہ اگر پچھلی مرتبہ کسی کا کوٹہ سات سو تھا تو اب اس کو ساڑھے تین سو کر دیا گیا ہے۔ کسی کا زیادہ کر دیا گیا ہے اور کسی کا کم کر دیا گیا ہے۔

Senator Seemen Yousuf Siddiqui: Madam, why is he answering?

Madam Presiding Officer: Please have a seat. As a Senator, he has a right.

Senator Seemen Yousuf Siddiqui: No, he has no right to answer the question. He can raise a point.

Madam Presiding Officer: Ok. Maulana Ghafoor Haidri Sahib has given three names

ایک سواتی صاحب کا نام ہے، محمد حسین صاحب کا ہے۔ Who takes first? سینیٹر محمد حسین صاحب۔

سینیٹر محمد حسین: شکریہ کہوں گا کہ آپ نے مجھے موقع دیا لیکن فاٹا جل رہا ہے، وہاں آگ لگی ہوئی ہے اور ہم یہاں رنگ رنگیلی کاروں اور air conditioned کمروں میں بیٹھے ہوئے۔ افسوس ہے کہ ہمیں بولنے کا موقع نہیں دیا جا رہا۔ بولنے کا موقع تو نہیں دیا گیا، point of order کے لیے بھی لڑائی کے بعد مجھے موقع ملا ہے لیکن مجھے یہ کہنا پڑے گا کہ

جلتا ہے جن کا خون چراغوں میں رات بھر
ان غمزدوں سے پوچھ کبھی قیمت سحر

اگر آگ لگی ہے تو ہم پر فاٹا میں لگی ہے' صرف point of order پر بولنا چاہتا ہوں' تقریر نہیں کرنا چاہتا کیونکہ آپ نے مجھے موقع نہیں دیا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ Monday کو کر لیجیے گا' آپ continue کر لیے گا' اس وقت بولیے گا۔

سینیٹر محمد حسین: زرگری سے تیراہ جانے والی سڑک ابھی تک بند ہے۔ ہنگو میں جو آپریشن ہوا تھا' اس کا سبب صرف ایک ہی بات تھی کہ رفیع الدین نامی شخص کو معاہدے کے دوران گرفتار کیا گیا۔ صوبائی حکومت اور طالبان کے درمیان معاہدہ ہو رہا تھا' اس معاہدے کے درمیان اس کو گرفتار کیا گیا۔ اس کو بھی رہا کیا جائے تاکہ بات آگے بڑھ سکے اور زرگری سے تیراہ جانے والی سڑک کو کھول دیا جائے۔ حکومت اور طالبان کے درمیان مصالحت کے لیے ایک مصالحتی کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ یہ آگ مزید نہ پھیلے۔ شکریہ۔

Madam Presiding Officer: Thank you. Mr. Raza Muhammad Raza.

سینیٹر رضا محمد رضا: میرا ایک پرانا point of order ہے---

Madam Presiding Officer: Please listen to the speaker.

International Flights on Zhobe Airport.

سینیٹر رضا محمد رضا: محترمہ آپ کو علم ہے ژوب ائرپورٹ بنا' اس پر بہت خرچہ ہوا اور ژوب ایک ایسا علاقہ ہے جو کوئٹہ کے بعد انتہائی اہم ہے۔ پورے ملک کے تمام شہروں' تمام مراکز سے بہت دور ہے۔ وہاں کے لیے فوکر سروس ہوا کرتی تھی' وہ ختم ہو گئی' ہم مسلسل مطالبہ کرتے رہے اور گورنمنٹ کی طرف سے یہی وعدے ہوتے رہے کہ بس اب شروع ہو جائے گی۔ اب سنا ہے کہ اس کو صرف ڈیرہ اسمعیل خان تک لا رہے ہیں اور آگے نہیں۔ یہ بہت بڑے علاقے کا مطالبہ ہے' میڈم ہمارا ائرپورٹ' جس پر خرچہ ہوا ہے اور ایسا علاقہ ہے کہ اس علاقے سے بہت سے لوگ متحدہ عرب امارات اور خلیجی ممالک میں کام کاج کے سلسلے میں گئے

ہوئے ہیں۔ ہمارے لوگ تمام علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں اور ہر شعبہ زندگی کے لوگوں کے لیے یہ اہم ذریعہ ہے۔ کوئٹہ، ڈیرہ غازی خان، ملتان والی سڑک، یہ ژوب والی سڑک، ہمارے تمام راستے خراب ہیں۔ محترمہ! پہلے ایسا ہوتا تھا کہ یہ جہاز ژوب آنے کے بعد واپسی پر تین دن ملتان جاتا تھا، ژوب، ڈیرہ اسمٰعیل خان، پشاور تک اور تین دن کوئٹہ جاتا تھا۔ اب یہ پورا سلسلہ بند ہو گیا ہے۔ جہاں فوکر جہاز چل رہے تھے، ان کے متبادل ATR جہاز آ گئے ہیں۔ اب تمام علاقوں میں ATR جہاز چل رہے ہیں لیکن ژوب کے لیے نہیں چل رہے۔ اس پر میں نے جب پہلے بھی یہ مطالبہ کیا تھا تو رضا صاحب کا وعدہ تھا کہ میں پوچھ کر بتاؤں گا لیکن اب تک کچھ نہیں بتایا۔

دوسرا! یہ جو contract ملازمین کو confirm کرنے اور ان کی تنخواہیں بڑھانے والا معاملہ ہے، ہمیں یہ پتا نہیں چل رہا کہ جو Lady Health Workers, Health Mobilizers ہیں، ہمارے تمام علاقوں ژوب، لورالائی، کوئٹہ، خضدار میں جو بچیاں بطور Lady Health Workers کام کر رہی ہیں اور جو دیگر ملازمین ہیں، کیا ان کو بھی مستقل کیا جائے گا؟ اگر مستقل کرنا ہے تو کب تک؟ وعدوں کا کھاتہ بھی خراب ہو گیا ہے، پتا نہیں چل رہا کہ کون سا وعدہ کب پورا ہو گا اور پورا بھی ہو گا یا نہیں۔

Madam Presiding Officer: Thank you. Leader of the House.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جہاں تک contract ملازمین کا تعلق ہے تو یہ وعدہ پورا ہو چکا ہے، پچھلی Cabinet meeting میں اس notification کی formalization ہو چکی ہے جس میں 1 سے لے کر 15 grade کے تمام ملازمین کو پکا کر دیا گیا ہے۔ اس ضمن میں PIA اور دیگر اداروں میں letters بھی issue ہو چکے ہیں۔ جہاں تک Lady Health Workers کا تعلق ہے، مجھے علم نہیں ہے کہ آیا وہ اس category میں آتی ہیں یا نہیں۔ Honourable Senator میرے دفتر تشریف لے آئیں تو یہ اور airport کا مسئلہ Monday کو ان کے ساتھ بیٹھ کر فون پر پتا کر کے، ان کو بتا دوں گا۔

Madam Presiding Officer: Please, talk to him. Senator Azam Swati please.

Revival of NCHD

Senator Muhammad Azim Khan Swati: Madam Chairperson! I was not here, I was pre-engaged in the NDU. Couple of our honourable Senators tried to draw the attention of this House and of the Chair at the same time, they said that we need to revive the NCHD. Madam Chairperson, that was my dream, I myself paid 50000 dollars in that particular Commission; a few of my friends paid more than 30000 to 40000 dollars. Nobody would be desperate and disheartened than this person but the trouble is this that we are siding the fact. The fact is Naseem Ashraf is XXX, he is a That person should be taken into account, audit does not mean that 2 plus 2 is 4; let us see the transparency where that 4 has been spent. I say with full responsibility and I would ask the Chair to please send this particular matter, this burning issue of my nation to the committee and I will ask also the Leader of the House to endorse this, send this to the committee. Let me come to the facts where the money of the poor people of this country and where the money of Pakistani expatriates have been misused and the people have been misled, even this House has been misled. I would love to revive the NCHD but not under the leadership of Naseem Ashraf, there is tough need to take him into custody and also we need to put him on the Exit Control List then, so he would not fly with the American passport overthere. Madam Chairperson, this is a burning issue the expatriates are

---

XXX Words expunged by orders of the Chairman.

sending me E-mails day after day and telling me what are you doing: why are you not apprising this august House, as to what are the facts? Let this be sent to the committee and let the committee should bring all the facts before this House and let this House then take the responsibility as to which way, we are going to be leading. Thank you.

Madam Presiding Officer: Thank you very much. Personal remarks will be expunged about the gentleman. Please, Leader of the Opposition.

Senator Mian Raza Rabbani: Madam, I have no objection, if it is referred to the committee.

(Interruption)

سینیٹر احمد علی: یہ English بول رہے ہیں' میں ان کی English correct کر دوں' اگر یہی بات چل رہی ہے۔ ان کو Senate میں لفظ استعمال کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: احمد علی صاحب! please تشریف رکھیں' you have made your point.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: سارے پاکستانیوں کا مفاد وابستہ ہے اور ہمیں اس green passport سے دلچسپی ہے' ہم اس کو چومتے ہیں جن لوگوں نے اسی green passport کے طفیل---

Madam Presiding Officer: Thank you. I think this needs to be, please have a seat Leghari sahib, this should be sent to the committee...

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Thank you very much.

Madam Presiding Officer: And also the issue that how foreigners having other passports are given important position in this country, I think these matters need to be sent to the committee. Thank you. Senator Pari Gul Agha please.

(Interruption)

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ: بات ہو چکی ہے' اب اس پر جواب تو سن لیں۔

Madam Presiding Officer: Please, wait for your time, I will give you the chance. I have given the floor to Pari Gul Agha sahiba.

سینیٹر آغا پری گل: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میڈم چیئرپرسن! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ دراصل میرا point of order یہ ہے کہ میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ اسی floor پر ہمارے Minister صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ پورے رمضان میں مہنگائی کم ہو گی اور اس پر control کیا جائے گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ loadshedding نہیں ہو گی' اس پر بھی control کیا جائے گا اور petrol مہنگا نہیں ہو گا' اس پر بھی control کیا جائے گا۔ جناب چیئرپرسن صاحبہ! میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ floor پر آ کر جب ہمارے questions ہوتے ہیں' آپ بڑے بڑے وعدے کر لیتے ہیں اور اس کے باوجود آج دوسرا رمضان ہے' آپ بےشک inquiry کریں' petrol مہنگا ہو گیا ہے۔ جہاں تک ہے کہ غریبوں کو آٹا بھی نہیں مل رہا ہے---

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: مہنگائی ہے۔

سینیٹر آغا پری گل: یعنی آٹا بھی نہیں مل رہا' سڑکوں پر عورتیں باہر نکل آئی ہیں۔ آپ بےشک اخبار پڑھیں' inquiry کریں' کوئی بات غلط نہیں ہو گی۔ بلوچستان میں بھی عورتیں باہر نکلی ہیں' سندھ اور لاہور میں بھی باہر نکلی ہیں یعنی آٹا تک نہیں مل رہا۔ میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ کیسی جمہوریت ہے؟ ہم لوگوں نے جمہوریت کے بڑے بڑے نعرے لگا کر' یہاں پر پہنچ گئے' چلو ٹھیک ہے' welcome مگر کم از کم غریب عوام کے ساتھ زیادتی کرنا بند کریں' یہاں تک کہ رمضان کے دنوں میں آٹا بھی نہ ملے تو پھر بہت بڑی زیادتی ہے۔ وہاں

پر اذان ہو رہی ہے، مولوی کی آواز بند، loadshedding ہوگئی، یہ بھی زیادتی ہے۔ جنابہ چیئرپرسن صاحبہ! آپ لوگ مہنگائی پر control کریں، غریب عوام کو تنگ نہ کریں کیونکہ بے چارے لوگ سحری کو اٹھیں تو loadshedding ہے، اگر وہ دن کو گھروں میں کھانا پکائیں، اب تو کل سے gas loadshedding بھی شروع ہو گئی ہے۔

Madam Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر آغا پری گل، میں آپ کو ایک اور بات بتانا چاہتی ہوں، آپ جان نہ چھڑائیں، میری بات سنیں کیونکہ میں صبح سے انتظار کر رہی ہوں۔ میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ جس دن Prime Minister صاحب یہاں پر آئے، ہمارے یہاں کے اور وہاں جتنے Senators ہیں، ان کے اپنے اپنے صوبوں کے جتنے مسائل تھے، انہوں نے Prime Minister کو بیان کیے، انہوں نے بتایا اور Prime Minister نے جواب بھی دیا۔ کیا جواز ہے؟ میں تو یہ سوچ رہی ہوں کہ TV کسی کے باپ کی میراث تو نہیں ہے جو اتنا بڑا control ہے کہ ہم لوگوں نے اپنے صوبوں کے مسائل بیان کیے، انہوں نے بھی بیان کیے، ایک بندے کو بھی نہیں دکھایا۔ صرف Prime Minister کو دکھایا اور ایک سوئے ہوئے Minister کو دکھایا جو سو رہے تھے، ان کو دکھایا اور Prime Minister کو دکھایا۔ ہم لوگوں نے جتنے بھی---، بھائیو بولو، نہیں، آپ بولیں ناں---

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی بولیں، یہاں پر موقع دے رہی ہوں۔

سینیٹر آغا پری گل: جناب چیئرپرسن صاحبہ! یہ زیادتی ہے، اگر کوئی بھی Senator اپنے صوبے کے مسائل بیان کرتا ہے تو TV کا فرض ہے، جمہوریت کے نعرے لگانے والوں کا فرض ہے کہ کم از کم ہر Senator کو نمائندگی دیں اور ان کا point پیش کریں کہ فلاں Senator نے اپنے صوبے کے بارے میں یہ کہا۔ یہ زیادتی ہے---

Madam Presiding Officer: Thank you.

سینیٹر آغا پری گل: نہیں، thank you نہیں، زیادتی ہے---

Madam Presiding Officer: Please, have a seat.

سینیٹر آغا پری گل: چیئرپرسن صاحبہ! میری دوسری بات یہ ہے کہ یہ زیادتی بند کی جائے' یہ پورا House سب کا ہے' پاکستان سب کا ہے' سارے سینیٹروں کا ہے' ہم سب کا ہے' ہم جو بولتے ہیں' ہم سارے سینیٹروں کو پورا حق دیا جائے۔ حج کا quota ہے---

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ please تشریف رکھیں۔

سینیٹر آغا پری گل: میرا point of order ہے' مجھے بولنے دیں' صبر کریں---

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ نے دو' تین points کر لیے ہیں' اب کافی ہے۔

سینیٹر آغا پری گل: صبر کریں۔ حج کا quota ہے' انہوں نے حج کے کوٹوں پر پابندی لگائی ہوئی ہے کہ جناب آپ اپنا حج کا quota اس کو دیں جس کا نام list میں نہ نکلے تو آپ اس کو دیں' اگر ہمارے یہ Senators اپنے اہل و عیال کے ساتھ جائیں گے' انہوں نے apply نہیں کیا تو ان کو نہیں ملے گا---

Madam Presiding Officer: Please.

سینیٹر آغا پری گل: اس کے علاوہ پابندی نہیں ہونی چاہیے' اللہ کے گھر میں جانے کے لیے بھی پابندی ہے' کرایوں پر تو پہلے پابندی ہے' آپ لوگوں نے اتنے کرائے بڑھائے ہیں۔ Dollars تو بڑھا دیے' آپ لوگوں نے ملک کی بربادی کر دی۔ اب اللہ کے گھر پر تھوڑا سا رحم کریں' عمرے کے کرایوں میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہے اور ہم جن لوگوں کو حج پر اپنے کوٹے پر بھیجیں' آپ لوگوں نے اس پر اتنے rules, law بنا دیے کہ وہ لوگ جائیں گے جنہوں نے apply کیا جن کا نہیں نکلا تو یہ Senators اپنے اہل و عیال کے ساتھ جائیں یعنی ان کو نہیں چھوڑیں گے' یہ پابندی ختم ہونی چاہیے۔

Madam Presiding Officer: O.K.

سینیٹر آغا پری گل: چیئرپرسن صاحبہ! آپ ایک خاتون ہیں' میں اس لیے آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ خدا کے لیے کم از کم آپ سوچیں' آپ ماں بھی ہیں' آپ کے بچے بھی ہیں' ہمارے بھی بچے ہیں' ہمیں غریبوں کے لیے سوچنا چاہیے کہ آپ کم از کم حکومت سے یہ کہیں کہ یہ مہنگائی اور petrol کی قیمتوں میں اضافہ' حج quota صحیح طریقے سے کریں اور

television پر ذرا سختی کریں۔ .Thank you

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ تین ممبران اور ہیں' کامران مرتضیٰ صاحب' محفوظ صاحب اور کمیلی صاحب۔ آپ لوگ ایک ایک منٹ میں ختم کرلیں' پونے دو بج چکے ہیں۔

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ: میں ایک منٹ میں بات کرنا چاہتی ہوں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: دیکھیں! ایک خاتون کے بعد دوسری خاتون ٹھیک نہیں ہوتی۔ میڈم! مجھے ایک منٹ دیں یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ 15 دن سے مجھے بولنے نہیں دیا جا رہا' میرا منہ بند کیا ہوا ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: کامران صاحب! آپ کو request کر رہی ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: میں بیٹھ گیا جناب۔ پندرہ دن سے میرے منہ پر ہاتھ رکھا ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بی بی یاسمین شاہ صاحبہ۔

Shortage of Fertilizer.

سینیٹر بی بی یاسمین شاہ: Thank you ربانی صاحب۔ میڈم چیئرپرسن! کہا یہ جاتا ہے کہ معیشت ہماری ریڑھ کی ہڈی ہے لیکن مصیبت یہ ہے کہ اس وقت پاکستان اور اور خاص طور پر سندھ میں مجھے معلوم ہے کہ یوریا کھاد کے حوالے سے جو مسئلہ پیدا ہوا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ گورنمنٹ کے rates ساڑھے چھ سو تھے' اس کی black marketing ہو رہی ہے اور جو عوام سے price لی جا رہی ہے وہ ساڑھے گیارہ سو روپے ہے۔ میرا کہنے کا مقصد یہ ہے کہ عوام کے لیے پہلے ہی اتنی پریشانیاں ہیں۔ میری حکومت سے گزارش ہے کہ مہربانی کر کے ان چیزوں پر check رکھیں اور پتا کریں کہ یہ black marketing کیوں ہو رہی ہے اور یہ کرنے والا کون ہے۔ جو بھی ہے اسے سخت سے سخت سزا دی جائے تاکہ لوگوں کی پریشانی دور ہو۔ ابھی کچھ دن پہلے سندھ میں ایک واقعہ ہوا کہ جلوس میں فائرنگ ہوئی اور ایک کاشتکار کی موت واقع ہو گئی' لوگ roads پر نکل رہے ہیں اور پریشانیاں ان کے لیے create ہو رہی ہیں۔ میری حکومت سے گزارش ہے کہ خدارا لوگوں کے لیے مزید پریشانیاں نہ بڑھائیں' آٹے اور

کی پریشانی پہلے ہی ہے' یہ کھاد کا ایک اور مسئلہ پیدا کر دیا گیا ہے' اس کو handle light کریں اور check کریں کہ یہ چیز کیوں ہو رہی ہے۔ بہت شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اسلام آباد میں جامعہ حفصہ کے ساتھ ایک خالی جگہ ہے جہاں پر جمعہ بازار لگا کرتا ہے' وہاں پر پارکنگ وغیرہ ہے۔ اس جگہ کو شادی ہال کے لیے allot کر دیا گیا ہے' اب جامعہ حفصہ کا dispute پہلے ہی سے موجود ہے کہ جو کچھ وہاں پر ہوا اور جو کچھ اب تک ہو رہا ہے۔ اب اس کے ساتھ وہاں ناچ گانا شروع ہو جائے گا' باجے بجا کریں گے۔ جو ہماری information ہے یہ allotment کسی دو نمبر طریقے سے ہوئی ہے مگر اس وقت مسئلہ یہ نہیں کہ دو نمبر سے ہوئی یا ایک نمبر سے۔ ایک طرف لال مسجد ہے' جامعہ حفصہ ہے اور دوسری طرح اہل تشیع حضرات کی مسجد زینبیہ ہے اور اب یہاں یہ ناچ گانے کا مسئلہ ہو گا۔ اِدھر سے ناچ گانے والے آئیں گے' اُدھر سے جلوس آئے گا اور اِدھر جامعہ حفصہ ہو گی اور پھر اس کے بعد جو حشر ہو گا وہ دیکھیے گا۔ میں request کروں گا کہ اس معاملے کا notice لیا جائے یہ بڑا serious مسئلہ ہے۔

دوسرا مسئلہ' آدھا منٹ' ابھی میں نے اس پر پورا منٹ نہیں لگایا ہے۔ کوئٹہ میں night landing کے لیے ہمیشہ یہاں پر وعدے وعید ہوتے رہے ہیں مگر باجود commitment کے ابھی تک یہ facility نہیں دی گئی ہے۔ یا تو commitment کیا نہ کریں یا اگر کرتے ہیں تو اس کو honour کیا کریں۔ بہت شکریہ۔

Madam Presiding Officer: Leader of the House.

Senator Mian Raza Rabbani: I will just take one minute.

بی بی یاسمین شاہ نے جو fertilizer کا مسئلہ اٹھایا ہے' I am aware of the fact that the Government is alive to the situation and they have taken some concrete steps. وہ کیا exact steps ہیں' میں ان کو پتا کر کے بتا دوں گا I am not aware of them right now.

کامران مرتضیٰ صاحب نے شادی ہال کی بات کی ہے۔ میں پتا کر لیتا ہوں لیکن شادی ہال میں ناچ گانا تو کم ہی ہوتا ہے' شادی تو normally آرام سے ہی ہو جاتی ہے۔ بہرحال میں پتا ضرور کر لیتا ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر، مولانا عباس کمیلی صاحب۔

سینیٹر محمد عباس کمیلی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میڈم چیئرپرسن! میں دو issues پر بولنا چاہ رہا ہوں اور مجھے افسوس ہے کہ گزشتہ کئی روز سے موقع نہیں دیا جا رہا' حتیٰ کہ اس دن جب Prime Minister صاحب آئے تھے تو میں نے دو مرتبہ چٹ جمالی صاب کو بھیجی لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مجھے دانستہ طور پر موقع نہیں دیا گیا اور ان کو جو issue refer کیا گیا اس کا Prime Minister صاحب نے نہایت ہی اُدھورا جواب دیا۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ان کو پاراچنار کے issue کا علم ہی نہیں تھا اور جمالی صاحب کی طرف سے علم میں لانے پر انہوں نے اس پر اظہار خیال at random کیا ہے اور کہا کہ اگر ایسا ہے تو plane حاضر ہیں' helicopters حاضر ہیں' ادویات بھیجوں گا۔ کئی مہینوں سے وہاں پر مسئلہ ہے' ادویات نہیں ہیں' بچے ہسپتالوں میں مر رہے ہیں' blocked ہے اور بہت سی باتیں ہیں۔ میں نے دو مرتبہ ان کو خط لکھا۔ میں رضا ربانی صاحب کا شکرگزار ہوں کہ ان کی interference سے دو مرتبہ time set ہوا لیکن دونوں مرتبہ عین وقت پر meeting cancel ہوئی اور last moment پر کہا گیا کہ آپ کو دوبارہ inform کیا جائے گا جس کی کہ آج تک نوبت نہیں آئی۔ میں کوئی ذاتی مسئلہ لے کر Prime Minister صاحب سے نہیں ملنا چاہتا تھا' نہ کبھی ملوں گا اور نہ ماضی میں کبھی ملا تھا' یہ پوری ملت کا مسئلہ تھا۔ اس میں حج کا بھی مسئلہ ہے' ابھی احمد علی صاحب نے جو مسئلہ پیش کیا وہ ایک tour operator کا تھا۔ میں یہ on the floor بتانا چاہتا ہوں کہ پوری ملت کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ 80 ہزار میں سے ملت جعفریہ کو 3% کوٹہ ملا تھا' جس پر ہم ہمیشہ احتجاج کرتے رہے ہیں۔ پچھلی حکومت کے سیکریٹری نے انتہائی corruption کی تھی' میں نے ان کے خلاف تحریک استحقاق بھی move کی ہوئی ہے۔ میں نے یہاں motion بھی move کی ہوئی ہے جس پر بات کرنے کی نوبت نہیں آئی۔ میں خورشید شاہ صاحب سے بھی ملا تھا کہ جب

ان کے پاس عارضی طور پر charge تھا' انہوں نے بھی کچھ وعدے کیے تھے وہ بھی پورے نہیں ہوئے۔ ابھی جو موجودہ Advisor صاحب ہیں ان سے بھی جا کر ملا۔ خورشید شاہ صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ جو 80 ہے وہ 100 کا کوٹہ کیا جائے گا اور موجودہ Advisor صاحب نے بھی وعدہ کیا کہ کم از کم آپ حضرات کی کٹوتی نہیں ہو گی کیونکہ پہلے ہی زیادتی ہوئی ہے۔ 3percent quota ملا ہے' یہ کونسا انصاف ہے؟ ہم نے request کی کہ 80 کو بڑھا کر 135 کریں۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ کسی کو 700 اور 500 مل رہا ہے اور کسی کو 80 مل رہا ہے' 21 کمپنیوں کو 80,80 کا کوٹہ ملا اور اس میں سے بھی کاٹ کر پانچ پانچ کم کر دیے گئے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ ایک ہی criterion ہونا چاہیے۔ اگر آپ نے کسی کو balcklist کیا ہے تو اسے سرے سے ختم کریں' کسی کو کوئی کوٹہ نہیں ملنا چاہیے لیکن یہ کون سا اصول ہے کہ کہیں پانچ کم کیے' کہیں دس کم' کہیں پچاس کم کیے اور کہیں double کر دیا۔ بہت سوں کو بڑھایا' اگر آپ نے بڑھایا تو کس بنیاد پر بڑھایا؟ ان کی کونسی کارکردگی تھی؟ میں بتا رہا ہوں اور یہ definite information ہے کہ بندربانٹ ہوئی ہے' corruption ہوئی ہے' لوگوں نے پیسے دیے ہیں یا جنہوں نے قربتیں حاصل کی ہیں' sources استعمال کیے ہیں۔ میں شدید احتجاج کرتا ہوں اور اس پر walkout کرتا ہوں' میں آج کی دعوت میں بھی شریک نہیں ہو سکتا۔ بہت شکریہ۔

(اس موقع پر سینیٹر محمد عباس کمیلی صاحب ایوان سے walkout کر گئے)

سینیٹر ریحانہ یحییٰ بلوچ: میں point of order پر نہیں بول رہی ہوں میں صرف یہ بتانا چاہ رہی ہوں کہ سپریم کورٹ کی ruling موجود ہے' میرے پاس اس کی کاپی بھی ہے' جب یہ کوٹے کا issue گیا تھا تو اس میں یہ تھا کہ کسی کو 200 سے زیادہ کا کوٹہ نہیں دیا جائے گا۔ اس لیے میرے خیال میں یہ اہم issue ہے' اس کو ضرور consider کیا جانا چاہیے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ممتاز حسین محفوظ صاحب۔

Scarcity of Water in Quetta.

سینیٹر ممتاز حسین محفوظ: شکریہ محترمہ چیئرپرسن صاحبہ۔ میں اس ایوان کی توجہ ایک

بہت اہم مسئلے کی جانب دلوانا چاہوں گا کہ تیس اگست 2008 کو جنگ اخبار کوئٹہ میں پانی کے ذخائر کے بارے میں ایک مضمون شائع ہوا تھا۔ زیر زمین پانی کے ذخائر میں خطرناک حد تک کمی ہوئی۔ کیا بلوچستان ایتھوپیا بن جائے گا۔ صوبے کے صرف دو اضلاع میں نہری نظام ہے باقی اضلاع کا تمام تر انحصار زیر زمین پانی پر ہے۔ اسے recharge نہ کیا گیا تو اگلے چند سالوں میں پینے کا پانی بھی دستیاب نہیں ہوگا اور خاص طور پر کوئٹہ کے بارے میں انہوں نے لکھا ہے کہ صوبائی دارلحکومت کوئٹہ کی آبادی اس وقت بائیس لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے جب کہ اگر یہ official ہے unofficial وہ تیس یا پینتیس لاکھ سے بھی زیادہ ہے ۔ اتنی بڑی آبادی کو پانی فراہم کرنے کے لیے کوئٹہ کے کسی بھی قریبی علاقے میں تاحال کسی ڈیم پر کام شروع نہیں کیا گیا جس کا نقصان یہ ہوگا کہ آئندہ پانچ سالوں میں کوہ تکتو، کوہ مردار اور کوہ چلتن میں موجود پانی کے چھوٹے اور بڑے ذخائر ختم ہو جائیں گے جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ پانی نہ ہونے کے باعث بائیس لاکھ افراد کو یہ شہر چھوڑنا پڑے گا۔ ابھی بھی کوئٹہ شہر میں پانی کی زیر زمین سطح ایک ہزار فٹ یا پھر سے نیچے چلی گئی ہے۔ ہم خود وہاں پر جو پانی استعمال کر رہے ہیں وہ چھ سو سے لے کر ایک ہزار تک گہرا ہے۔ جو گندا پانی ٹینکر میں باہر کے علاقوں سے لایا جاتا ہے اس کو استعمال کر رہے ہیں۔ میری یہ گزارش ہے اور رضا ربانی صاحب بھی یہاں بیٹھے ہیں کہ کوئٹہ کے ارد گرد ڈیم بنائے جائیں storage dam بنائے جائیں ۔ منگی ڈیم کا جو منصوبہ شروع کیا گیا تھا، جو ختم کردیا گیا ہے اس کو دوبارہ شروع کیا جائے ورنہ واقعی کوئٹہ شہر چند دنوں میں تباہ ہو جائے گا۔

Madam Presiding Officer: Dr. Ismail Buledi. This is a last point of order.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! ایک تو حج کے کوٹے کے حوالے سے جو بات کی گئی۔ پچھلی دفعہ بھی اس میں بڑی کرپشن ہوئی اور اس دفعہ تو میرا خیال ہے کرپشن کا ریکارڈ توڑا گیا ہے۔ اس کی انکوائری ہونی چاہیے اور دوسری بات یہ ہے کہ تربت میں جو واقعہ ہوا FC والوں نے فائر کیا تھا جس میں دو بندے شہید ہوئے تھے۔ چار دن

کے اندر اندر ان کی رپورٹ آنی تھی وہ ابھی تک پیش نہیں ہوئی۔ رضا ربانی صاحب! اس کا بھی نوٹس لیں کہ وہ رپورٹ آج کئی دن ہوگئے ہیں ،نہیں آئی۔ تیسری بات یہ ہے کہ یہ جو سیلاب کے حوالے سے آٹھ ارب روپے بلوچستان کو دینے تھے۔ رضا ربانی صاحب نے دو دفعہ اس ایوان کو یقین دہانی کرائی تھی کہ یہ پیسے بلوچستان کو ملیں گے لیکن آج تک یہ پیسے نہیں ملے۔

چیئرپرسن صاحبہ! وہاں اس گرمی میں بھی لوگ خیموں رہ رہے ہیں چوں کہ ہمارا تعلق بلوچستان، کیچ تربت سے ہے ' ہزاروں لوگ بے چارے وہاں دربدر بغیرکسی ریلیف کے رہ رہے ہیں ۔ رضا ربانی صاحب اس کا فوری نوٹس لیں ۔وزیر خزانہ کو بتائیں اور ہمارے ساتھ ان کی میٹنگ کرائیں ۔ ایک مہینے کے بعد پھر اجلاس ہوگا میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہمیں چیمبر میں بلائیں اور وزیرخزانہ سے ہماری میٹنگ کرائیں کیوں کہ چیف سیکرٹری نے کہا تھا کہ مجھے صرف پچاس کروڑ روپے دیے گئے ہیں جب کہ یہ پیسے approved ہیں یہ باہر کی امداد سے بھی ہیں وہ ابھی تک نہیں دیے یہ انتہائی ناجائز ہے' اس پر آپ باقاعدہ ruling دیں کہ یہ پیسے جلدی بلوچستان کو دیے جائیں ۔ Thank you.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میرے خیال میں آپ Monday کو لے لیجیے گا ابھی نماز کا وقت ہو رہا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی : Thank you Madam Chairperson Sahiba.

گزارش یہ ہے کہ last time بھی ایک point of order پر میں نے توجہ دلوائی تھی کہ حکومت سندھ میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں پانچ سو سے زیادہ لیکچررز نے سندھ پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کیا تھا یہ ایڈورٹائزمنٹ 2005 میں ہوئی تھی۔ 2007 میں ان کا انٹرویو وغیرہ مکمل ہوگیا۔ اب صرف گزارش یہ ہے کہ ابھی تک وہ بے چارے جنہوں نے یہ امتحان پاس کیا تھا ان بچوں کی آج تک appointment نہیں ہوئی۔ آج کل ویسے بھی بہت بے روزگاری ہے ۔رضا ربانی صاحب مہربانی کرکے اگر بات کرلیں تو بہتر ہوگا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: میرے خیال میں اب جواب دینے کا وقت نہیں ہے good idea but آپ بعد میں ان سے چیمبر میں مل لیں Please have a seat now

لغاری صاحب یہاں ہیں ' ڈاکٹر because you have to miss your *Jamaat Prayers.* مالک ہیں۔

Senator Sardar Muhammad Jamal Khan Leghari: Rehman Malik Sahib is there.I am so grateful, he has come here at Namaz time.

میری صرف ایک گزارش یہ تھی انہوں نے فرمایا تھا بلوچستان کی پانچ خواتین کے حوالے سے کہ وہ رپورٹ پیش کریں گے۔ اس کو تین روز بیت گئے۔ پوسٹ مارٹم بھی ہوچکا۔ ابھی تک محترم مشیر داخلہ نے رپورٹ پیش نہیں کی ۔

Madam Presiding Officer: Please have a seat. Yes please.

جناب رحمٰن ملک (مشیر داخلہ): Thank you madam Chairperson. میں نے جو وعدہ کیا اس کے مطابق instruction پہلے ہی جا چکی تھی اور جو ابھی تک انکوائری ہے ہم نے چار لوگ arrest کیے ہیں اور اس میں تین خواتین جو ہماری بہنیں ہیں وہ اس میں murder ہوئیں ۔ دو کی لاشیں ہم نے ایک ہی کھڈے سے نکالی ہیں اور body exhume کر کے ڈاکٹر اس کو examine کر رہے ہیں۔ ابھی تک اطلاع یہ ہے کہ ان کو گولی سے مارا گیا اور یہ بھی ہم determine کر رہے ہیں کہ کون سے weapon سے ان کو مارا گیا۔ وہ پوری کی پوری تفاصیل Monday or Tuesday کو پوری رپورٹ پیش کردیں گے لیکن یہ fact ہے کہ پانچ خواتین نہیں تھیں، تین تھیں اور پہلے دن جو Police Station کو complain کی گئی اس کی بھی detail لے لی ہے۔ ہمارے لیے ایک مسئلہ یہ ہو رہا ہے کہ کوئی بھی اس علاقے میں سے witness دینے کے لیے تیار نہیں ہو رہا لیکن ہم forensically آگے بڑھ رہے ہیں اور انشا اللہ ہم قوم کو مایوس نہیں کریں گے۔ ہم ان کے متعلق پوری تفصیل بتائیں گے جو اس وقت available ہے وہ Administratively اور جتنی investigation ابھی تک ہو چکی ہے ' واقعہ ہوا ہے ہم یہ determine کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کیا انہیں زندہ درگور کیا گیا یا مارنے کے بعد ان کو دفنایا گیا یہ دونوں چیزیں next week ہم آپ کو بتانے کے قابل ہوں گے۔ محترمہ Doctor Surgeon جو ان کا معائنہ کر رہی ہے جب وہ ہمیں رپورٹ دیں گی۔

اس کے علاوہ ہم نے open, publicly appeal کی ہے کہ اس سلسلے میں کوئی بھی witness دینا چاہے یا کوئی بھی investigating agency کی مدد کرنا چاہے تو we are available there. لیکن میں آپ کو assure کردوں کہ IG level پر وفاقی حکومت کے level پر کسی قسم کی کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی جا رہی۔ ہم پوری تندہی کے ساتھ ، پوری کوشش کے ساتھ with full investigating tools, we are present there and انشا اللہ will bring all the facts before the nation. Thank you.

سینیٹر سردار محمد جمال خان لغاری: محترمہ چیئرپرسن صاحبہ! جو پولیس کی سرجن جنرل ہے انہوں نے باقاعدہ ٹیلیویژن پر انٹرویو میں کہا کہ گولیاں نہیں لگی ہیں۔یہ تشدد کے نشانات ہیں۔مشیر داخلہ صاحب اس کے برعکس کہہ رہے ہیں یہ تو اتنا کھلا تضاد ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: let the report come. ایڈوائزر صاحب کہہ رہے ہیں رپورٹ آنے پر پیش کریں گے۔

جناب رحمٰن ملک: جو انکوائری کی ہے میں ان کی بات کر رہا ہوں۔ ڈاکٹروں کے مطابق جو خواتین نے کپڑے پہنے ہوئے تھے ان میں سوراخ پائے گئے ہیں۔اب یہ بھی تو ہے کہ ایک ہی وقت میں سر پر بھی چوٹ لگائی جاسکتی ہے ، گولی بھی ماری جاسکتی ہے۔ضروری نہیں کہ صرف ایک weapon سے ان کی موت واقع ہوئی ہو۔جو معاملہ سامنے آئے گا وہ ایک حقیقت ہوگی۔ سرجن کی رپورٹ ہوگی ، کسی ایجنسی کی یا کسی پولیس آفیسر کی پیش کردہ رپورٹ نہیں ہوگی اور اگر اس میں کوئی شک و شبہ ہوا تو میں اپنے فاضل دوست سے کہتا ہوں کہ وہ کسی ڈاکٹر کو suggest کردیں وہ اس کی انکوائری کرے۔

Madam Presiding Officer: Let the report come. The House is adjourned to meet again on Monday,the 8th September, 2008 at 11.00 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday 8th September,2008 at 11.00 a.m]